Rg.No.
1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ

لائلپور پوسٹ

چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 منگل، 26 اگست 2025ء، یکم ربیع الاول 1447ھ، 11 بھادوں 2081 بم شمارہ نمبر 44

انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، چیئرمین میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کینیڈا

غزہ میں انسانیت ایک خوفناک بحران سے دوچار ہے

منیر ڈار

غزہ کی صورتحال ایک انسانی المیہ ہے۔ غزہ پچھلے کئی سالوں سے محاصرے کا شکار ہے، اور حالیہ کشیدگی نے وہاں کے شہریوں کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ ہسپتالوں پر حملے، جو کہ زخمیوں اور بیماروں کی آخری پناہ گاہ ہیں

میں، منیر ڈار، چیئرمین میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کینیڈا کی جانب سے، اس ظلم کی شدید مذمت کرتا ہوں اور عالمی برادری سے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کا مطالبہ کرتا ہوں

(ٹورنٹو۔ کینیڈا) منیر ڈار، چیئرمین، میاں کرم الٰہی ٹرسٹ، کینیڈا نے کہا ہے۔ کہ غزہ میں انسانیت ایک خوفناک بحران سے دوچار ہے، اور حالات ہر گزرتے دن کے ساتھ بدترین ہوتے جا رہے ہیں۔ ایک ہسپتال پر حالیہ اسرائیلی حملے کی خبر، جس میں آٹھ بے گناہ افراد، جن میں چار صحافی بھی شامل تھے، اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ میں، منیر ڈار، چیئرمین میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کینیڈا کی جانب سے، اس ظلم کی شدید مذمت کرتا ہوں اور عالمی برادری سے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کا مطالبہ کرتا ہوں۔ منیر ڈار نے کہا کہ غزہ کی صورتحال ایک انسانی المیہ ہے۔ غزہ پچھلے کئی سالوں سے محاصرے کا شکار ہے، اور حالیہ کشیدگی نے وہاں کے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ہسپتالوں پر حملے، جو کہ زخمیوں اور بیماروں کی آخری پناہ گاہ ہیں، کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ ان حملوں کے نتیجے میں طبی سہولیات کا فقدان، ادویات کی کمی اور ڈاکٹروں کی محدود تعداد، زخمیوں اور بیماروں کے لیے موت کا پروانہ بن چکی ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق، غزہ میں صحت کا نظام مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے، اور ایسے بچے نظر آ رہے ہیں جو غذائی قلت کی وجہ سے ''کاغذ کی طرح کمزور'' ہو چکے ہیں۔ خوراک، پانی اور بجلی کی شدید قلت نے غزہ کو ایک کھلی جیل میں تبدیل کر دیا ہے۔ منیر ڈار نے کہا کہ غزہ میڈیا آفس کے مطابق، اسرائیل جان بوجھ کر 22 ہزار سے زائد امدادی ٹرکوں کو غزہ میں داخل ہونے سے روک رہا ہے، جس کی وجہ سے انسانی بحران مزید گہرا ہو رہا ہے۔ صحافی، جو جنگ کی حقیقت کو دنیا تک پہنچانے کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، انہیں نشانہ بنانا آزادی اظہار پر حملہ ہے۔ ان کی شہادت کا مطلب سچائی کا گلا گھونٹنا ہے تا کہ عالمی برادری کو وہاں کے اصل حالات سے بے خبر رکھا جا سکے۔ یہ بین الاقوامی صحافتی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور جنگی جرائم کے زمرے میں آتا ہے۔ میں پاکستان کی حکومت کے ڈپٹی پرائم منسٹر اور وزیر خارجہ، اسحاق ڈار کی غزہ کی صورتحال پر او آئی سی کے اجلاس میں شرکت اور سات نکاتی امن منصوبے کی پیشکش کو سراہتا ہوں۔ ان کے یہ الفاظ کہ ''غزہ (او آئی سی) معصوم جانوں اور عالمی قوانین دونوں کا قبرستان بن چکا ہے،'' حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی یہ سفارتی کوششیں رنگ لائیں گی اور مسلم امہ اس انسانی المیہ کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کریگی۔ منیر ڈار نے کہا کہ میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کی کینیڈا، عالمی برادری سے مندرجہ ذیل فوری اقدامات کا مطالبہ کرتا ہے: غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا اعلان کیا جائے تا کہ مزید انسانی جانوں کا ضیاع روکا جا سکے۔ غزہ میں خوراک، پانی، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریات کی بلاتعطل اور محفوظ فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ امدادی ٹرکوں کو فوری طور پر داخلے کی اجازت دی جائے۔ بے گھر ہونے والے اور زخمیوں کے لیے محفوظ راہداریوں کا قیام عمل میں لایا جائے تا کہ انہیں طبی امداد اور محفوظ مقامات تک رسائی حاصل ہو سکے۔ ہسپتالوں اور صحافیوں پر حملوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کو عالمی عدالت انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ عالمی برادری، خاص طور پر مغربی ممالک، غزہ میں بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں پر اپنا دوہرا معیار ختم کریں اور تمام فریقین پر یکساں طور پر عالمی قوانین کے احترام پر زور دیں۔ میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کی کینیڈا، غزہ کے مظلوم بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ ہم اپنی بساط کیمطابق امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے اور انسانی بحران کے خاتمے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ یہ وقت ہے کہ انسانیت کو سیاست اور مفادات سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہیے۔ غزہ کو ہماری آواز کی ضرورت ہے، اور ہم اس آواز کو ہر فورم پر بلند کرتے رہیں گے

ڈھاکہ: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر ایچ ای سے ملاقات کی۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اوساکا میں ایکسپو ایسوسی ایشن کے منتظم اعلیٰ کی نوکی ماتاتسو سے ملاقات کر رہی ہیں

پاکستانی پراسیسڈ فوڈز کی عالمی برآمدات میں حالیہ برسوں میں اضافہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی پراسیسڈ فوڈز کی عالمی برآمدات میں حالیہ برسوں میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، خاص طور پر خلیجی ممالک، کینیڈا، برطانیہ اور شمالی امریکہ جیسے خطوں میں جہاں مقیم پاکستانی اپنی روایتی ذائقوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔

صنعتی کارکنوں کو مفت فلیٹ کی الاٹمنٹ کا سلسلہ شروع

مفت فلیٹ الاٹمنٹ میں صنعتی ورکرز کی بیوگان، کیلئے 3 فیصد، معذور ورکرز کا 2 فیصد کوٹہ مختص، ضلع ورکرز ویلفیئر کمپلیکس سندر انڈسٹریل اسٹیٹ قصور فیروں میں الاٹمنٹ کی کارروائی کا آغاز

صنعتی کارکنوں کو 750 فلیٹ مفت دیئے جائیں گے، مفت فلیٹ الاٹمنٹ کیلئے ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر نارتھ اور ساؤتھ کے علاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر قصور کے دفتر سے بھی فارم حاصل کئے جا سکتے ہیں

درخواستیں جمع کرانے کیلئے 8 ستمبر آخری تاریخ مقرر، صنعتی ورکرز ویب سائٹ www.pwwf.punjab.gov.pk اور www.labour.punjab.gov.pk پر گھر بیٹھے اپلائی کرسکتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مزدور دوست پالیسی کے ثمرات سامنے آگئے۔ صنعتی کارکنوں کو مفت فلیٹ کی الاٹمنٹ کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، درخواستیں طلب کر لی گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فلیٹ الاٹمنٹ میں انتقال کرنے والے صنعتی ورکرز کی بیوگان کے لئے 3 فیصد جبکہ معذور ورکرز کا 2 فیصد کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ ضلع لاہور اور قصور کے صنعتی ورکرز سے فلیٹ کی الاٹمنٹ کے لئے درخواستیں طلب کر لی گئیں۔ ورکرز ویلفیئر کمپلیکس سندر انڈسٹریل اسٹیٹ قصور فیروں میں الاٹمنٹ کی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ورکرز ویلفیئر کمپلیکس میں صنعتی کارکنوں کو 750 فلیٹ مفت دیئے (بقیہ نمبر 16)

پنجاب میں شدید بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے تربیلا ڈیم 99 فیصد تک بھر گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں شدید بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے تربیلا ڈیم 99 فیصد بھر گیا۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق تربیلا ڈیم میں پانی کا لیول 1549.20 فٹ ریکارڈ کیا ہے جو 99 فیصد جبکہ منگلا ڈیم میں پانی کا لیول 1219.40 فٹ ہونے کے بعد 76 فیصد تک بھر گیا ہے۔ اسی طرح راول ڈیم کا لیول 1751.70 فٹ، خانپور ڈیم 1979 فٹ، ہے۔

مری کے مقامی لوگوں کی نواز شریف سے ملاقات

سابق وزیراعظم نواز شریف کے ہمراہ تصاویر اور سیلفیاں بنائیں

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے مری میں مقامی لوگوں اور سیاحت کے لئے آنے والوں سے ملاقات کی۔ مری کی سیر کیلئے آنے والے اور مقامی لوگ نواز شریف کو دیکھ کر خوشی سے نہال ہو گئے۔ (بقیہ نمبر 6)

معرکہ حق کے بعد اب معرکہ ترقی میں کامیابی حاصل کرنی ہے، احسن اقبال

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ معرکہ حق کے بعد اب معرکہ ترقی میں کامیابی حاصل کرنی ہے، نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں،

غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے میں کوئی نرمی نہیں برتی جائیگی

وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، دارالحکومت کیلئے بڑے ترقیاتی اقدامات کی منظوری

وزیر داخلہ کا تجاوزات کیخلاف شہر بھر میں آپریشن کا حکم، نئے سیکٹرز کیلئے جامع ترقیاتی منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ہیڈ کوارٹرز میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے لیے بڑے ترقیاتی اقدامات کی منظوری دی ہے۔ ہفتہ کو سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ اجلاس کے دوران نئے ٹریفک انفراسٹرکچر سے لے کر ہاؤسنگ سیکٹر کی اپ گریڈیشن اور مہمان نوازی کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا جس کا مقصد (بقیہ نمبر 22)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ڈی سی آفس میں سیلابی صورتحال پر اجلاس کے دوران میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں، وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بھی ہمراہ ہیں

کورونا وائرس کے دوران ڈسکوز کے معاشی پیکیج میں بڑے گھپلوں کا انکشاف

10 لاکھ سے زائد ایسے صارفین کو شامل کیا گیا جو پیکیج میں نہیں آتے تھے، ایسے صارفین کو شامل کیا گیا جنہوں نے کنڈا لگا رکھا تھا

ایک لاکھ 44 ہزار سے زائد ڈیفالٹرز کو بھی معاشی پیکیج میں شامل کیا گیا، ڈسکوز کے ذریعے دی جانے والی سبسڈی سے متعلق خصوصی رپورٹ جاری

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) کورونا وائرس کے دوران ڈسکوز کے معاشی پیکیج میں بڑے گھپلوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے ڈسکوز کے ذریعے دی جانے والی سبسڈی سے متعلق خصوصی رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق کورونا وائرس میں 2019 تا 2021 درمیانے، چھوٹے درجے کے صنعتکاروں کو 106 ارب کا معاشی پیکیج دیا گیا تاہم ڈسکوز نے (بقیہ نمبر 8)

مری: سیاحت کے لئے آنے والے شہری پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف کے ہمراہ تصویر بنوا رہے ہیں

سیف سٹی کیمروں کو فیشل ریکگنائزیشن، خودکار نمبر پلیٹ شناخت پر منتقل کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) شہر بھر میں نصب تمام سیف سٹی کیمروں کو اب فیشل ریکگنائزیشن اور خودکار نمبر پلیٹ شناخت پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق لاہور میں نصب 8 ہزار کے قریب کیمروں کے سافٹ ویئر کی اپ گریڈیشن جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 9)

ملک اب دھرنوں کی سیاست کا متحمل نہیں ہو سکتا، ثناء اللہ

عوام کو ترقی اور امن چاہیے، نومئی کے واقعات سے فرار حاصل کرنیوالے سزاؤں سے نہیں بچ سکتے

پی ٹی آئی نے نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرت کے بیج بوئے، الیکشن کمیشن میں کاغذات نامزدگی کی سکروٹنی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور و صدر مسلم لیگ (ن) پنجاب رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ نو مئی کے واقعات سے فرار حاصل کرنے والے سزاؤں سے نہیں بچ سکتے، پی ٹی آئی نے نوجوانوں کے ذہنوں میں نفرت کے بیج بوئے، ملک اب جلاؤ گھیراؤ اور دھرنوں کی سیاست کا متحمل نہیں ہو سکتا، عوام کو ترقی اور امن چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز الیکشن کمیشن لاہور میں کاغذات نامزدگی کی سکروٹنی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ معاون خصوصی رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نو مئی (بقیہ نمبر 17)

پولیو ٹاسک فورس کا اجلاس 27 اگست کو طلب کر لیا

75 سے زائد اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس موجود ہونے کا انکشاف

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان کے بڑے شہروں سمیت 75 سے زائد اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی ہے۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی: مصریال روڈ پر ایک محنت کش گاہکوں کو متوجہ کرنے کیلئے مٹی کے برتن سجا رہا ہے

سائبر کرائمز کی روک تھام کیلئے مشترکہ حکمت عملی کا میکنزم ناگزیر قرار

ایف آئی اے، پی ٹی اے، اسٹیٹ بینک، ٹیلی کام آپریٹرز میں ادارہ جاتی ہم آہنگی بڑھائی جائے

نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی کی قوانین کو موثر بنانے کے ساتھ عدالتی نظام کو تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی سفارش

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے آن لائن مالیاتی فراڈ سمیت سائبر کرائمز کی روک تھام کے لئے حکومت کو سفارشات پیش کر دیں۔ این سی سی آئی اے نے اداروں کے درمیان مشترکہ حکمت عملی کا میکنزم ناگزیر قرار دے دیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق ایف آئی اے، پی ٹی اے، اسٹیٹ بینک، ٹیلی کام آپریٹرز میں ادارہ جاتی ہم آہنگی بڑھائی جائے، این سی (بقیہ نمبر 10)

ہائیکورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا قائمقام چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عابد عزیز شیخ سے ان کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

چوری اور سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس کی ایک کارروائی کے دوران چوری اور سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر لیا گیا، زیر حراست گینگ سے چھینا گیا موبائل فون و رقم 27 ہزار روپے اور اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 24)

تحریک انصاف کے عہدیداروں کا (ن) لیگ میں شمولیت کا اعلان

خواجہ عمران نذیر سے تحریک انصاف پی پی 160 کے عہدیداروں نے ملاقات کی

لاہور (این این آئی) جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور خواجہ عمران نذیر سے پاکستان تحریک انصاف پی پی 160 کے عہدیداروں نے ملاقات کی۔ (بقیہ نمبر 25)

چیمبر آف کامرس کے زیراہتمام چیمبر بلڈنگ میں منعقدہ دو مین ایکسپو میں خواتین سٹال سے چیزیں خرید رہی ہیں

اے آئی نے بولنے سے قاصر انسانوں کو زبان دے دی، نیا سائنسی کرشمہ

اسلام آباد (این این آئی) یہ جدید سائنس کا مثبت پہلو ہے کہ انسان کے مسائل حل کرنے میں اے آئی پیش پیش ہے، اب امریکی اسٹینفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر ارین کنز کی زیر قیادت ماہرین نے ایسا اے آئی ماڈل (سافٹ ویئر) ایجاد کر لیا جو انسانی (بقیہ نمبر 11)

پاکستان ریلوے کی زمین پر نجی و سرکاری اداروں کا قبضہ ہونے کا انکشاف

قبضہ کی گئی ریلوے اراضی کی مالیت 5 ارب 63 کروڑ روپے سے زائد ہے' آڈٹ رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کی 5 ارب 63 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 8 ہزار 372 مرلے سے زائد اراضی پر نجی و سرکاری اداروں کی تجاوزات قائم ہیں۔ یہ انکشاف ریلوے آڈٹ رپورٹ برائے 2024-25 میں (بقیہ نمبر 18)

ایف آئی اے میں 28 افسران کے تبادلے، نوٹیفکیشن جاری

رضوان مہدی کا اسلام آباد سے لاہور اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل، محمد جاوید سلطان کو لاہور سے کوئٹہ کاؤنٹر ٹیررازم ونگ

اظہر ریاض کا لاہور سے فیصل آباد اینٹی منی لانڈرنگ سرکل تبادلہ، عبدالقیوم لاہور ایئرپورٹ سے پشاور اینٹی کرپشن سرکل تبادلہ

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے میں 28 افسروں کے تبادلے کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ رضوان مہدی کا اسلام آباد سے لاہور اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل، محمد جاوید سلطان کو لاہور سے کوئٹہ کاؤنٹر ٹیررازم ونگ، اظہر ریاض کا لاہور سے فیصل آباد اینٹی منی لانڈرنگ سرکل تبادلہ، عبدالقیوم لاہور ایئرپورٹ سے پشاور اینٹی کرپشن سرکل، منعم بشیر چوہدری کا لاہور سے کوہاٹ ڈی آئی (بقیہ نمبر 26)

رانا ثنا اللہ، سلمیٰ اعجاز، احمد شہریار کے کاغذات نامزدگی منظور

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سکروٹنی کے عمل کے بعد سینیٹ میں پنجاب اسمبلی کی جنرل نشست پر ہونے والے ضمنی انتخاب کیلئے تین امیدواروں کے کاغذات نامزدگی درست قرار دیدیئے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جانچ پڑتال کے بعد مسلم (بقیہ نمبر 13)

پاکستان میں 46 جواء اور فاریکس ایپس پر پابندی عائد

ان ایپس نے جلد امیر بننے کے لالچ نے نوجوانوں کو گمراہ کیا' پی ٹی اے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی کی سفارش پر پاکستان میں 46 جواء اور فاریکس ایپس پر پابندی عائد کردی۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق پاکستان میں 46 جواء اور فاریکس ایپس پر (بقیہ نمبر 19)

نارووال، موٹر سائیکل سوار نوجوان ٹرالی کے نیچے آ کر جاں بحق

نارووال (این این آئی) موٹر سائیکل سوار نوجوان ٹرالی کے نیچے آ کر جاں بحق ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاں سٹھیالہ کے رہائشی نعیم کا اٹھارہ سالہ بیٹا فہد موٹر سائیکل پر اپنے کسی کام سے جا رہا تھا کہ موہلن (بقیہ نمبر 28)

سرگودھا، پولیس گاڑی اور رولر میں تصادم، زیر حراست ملزم جاں بحق

تین اہلکار، دو ملزمان زخمی، ڈی پی او نے رپورٹ طلب کر کے تحقیقات کا حکم دیدیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس گاڑی اور رولر کے تصادم میں زیر حراست ملزم جاں بحق اور تین اہلکار دو ملزمان سمیت شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے، ڈی پی او نے حادثہ کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے تھانہ اربن ایریا پولیس ایلیٹ فورس (بقیہ نمبر 27)

جولائی میں غیر ملکی درآمدات میں 23 فیصد اضافہ

سمارٹ موبائل فونز کی امپورٹ میں 125 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے مہینے میں غیر ملکی درآمدات میں 23 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے بعد مجموعی حجم 5 ارب 86 کروڑ ڈالر رہا، پیٹرولیم مصنوعات اور پام آئل سب سے زیادہ درآمد کی گئیں۔ دستاویز کے مطابق پیٹرولیم کی (بقیہ نمبر 12)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اوساکا میں ایکسپو ایسوسی ایشن کے منتظم اعلیٰ کی نوکی ماتاتسو سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بھارت کا بغیر اطلاع دریاؤں میں پانی چھوڑنا افسوسناک ہے، سلمان رفیق

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی زیر صدارت پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس

اجلاس میں ممکنہ طوفانی بارشوں، فلیش فلڈنگ اور سیلاب سے نمٹنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید نے بھی شرکت کی اور ویڈیو لنک کے ذریعے تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کی بھی اجلاس میں شرکت ہوئی، صوبائی وزیر نے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا۔ اجلاس میں ممکنہ طوفانی بارشوں، (بقیہ نمبر 14)

دوستوں کے ساتھ جانے والا نوجوان پراسرار طور پر جاں بحق

اشفاق دوستوں کے ہمراہ رکشہ پر قصور گیا، لاش رائیونڈ سے برآمد ہوئی

لاہور (این این آئی) دوستوں کے ساتھ جانے والے باغبانپورہ کا رہائشی پراسرار طور پر جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے بتایا کہ اشفاق دوستوں کے ہمراہ رکشہ پر قصور گیا، لاش رائیونڈ سے برآمد ہوئی ہے۔ متوفی کے اہل خانہ کا الزام ہے کہ دوست اشفاق کی موت (بقیہ نمبر 20)

سید ہجویر قومی کانفرنس اور صوفی مشاعرہ کا انعقاد

حضرت داتا گنج بخشؒ نے برصغیر میں اسلام کی شمع روشن کی، عرس میں 20 لاکھ سے زائد عقیدت مندوں نے شرکت کی، شافع حسین

حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ کی تعلیمات کو زبان زد عام کرنے کی ضرورت ہے' صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (این این آئی) حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف کشف المحجوب کی ہزار سالہ تقریبات کے سلسلے میں سید ہجویر قومی کانفرنس و صوفی مشاعرہ کا انعقاد ہوا۔ مقامی ہوٹل میں منعقدہ کانفرنس میں صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی چوہدری شافع حسین نے خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی بھی کانفرنس میں شریک ہوئے۔ چیئرمین امور مذہبی کمیٹی داتا دربار نبیل جاوید، مجیب الرحمان شامی، واصف ناگی، افتخار عارف، ڈاکٹر عظمی (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی: بہبود کی صدر عابدہ ملک راولپنڈی چیمبر میں صدر عثمان شوکت کے ہمراہ ویمن ایکسپو میں سٹال کا وزٹ کر رہی ہیں

محمد احمد خان اور صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ دیا بابا مجھے شاہ کے سالانہ عرس کے موقع پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد ملکی سلامتی کے لئے دعا کر رہے ہیں

گندم کی قیمت میں اضافے کے بعد نان بائیوں نے روٹی مہنگی کرنے کا عندیہ دیدیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گندم کی قیمت میں اضافے کے باعث نان بائیوں نے بھی روٹی کی قیمت بڑھانے کا عندیہ دے دیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گندم کی فی من قیمت 2200 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے ہوگئی ہے جس (بقیہ نمبر 15)

شوہر نے گھریلو جھگڑے پر چھریوں کے وار کر کے بیوی کو قتل کر دیا

پچاس سالہ عزیزہ بی بی موقع پر دم توڑ گئی، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (این این آئی) مناواں کے قریب الرحیم گارڈن میں شوہر نے چھریوں کے وار کر کے بیوی کو قتل کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ گھریلو جھگڑے پر شوہر نے اپنی اہلیہ (بقیہ نمبر 21)

ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ کینیڈا
www.layalpurpost.com

غزہ میں انسانیت ایک خوفناک بحران سے دوچار

منیر ڈار، چیئرمین، میاں کرم الٰہی ٹرسٹ، کینیڈا نے کہا ہے۔کہ غزہ میں انسانیت ایک خوفناک بحران سے دوچار ہے، اور حالات ہر گزرتے دن کے ساتھ بدترین ہوتے جا رہے ہیں۔ایک ہسپتال پر حالیہ اسرائیلی حملے کی خبر، جس میں آٹھ بے گناہ افراد، جن میں چار صحافی بھی شامل تھے، اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔میں، منیر ڈار، چیئرمین میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کینیڈا کی جانب سے، اس ظلم کی شدید مذمت کرتا ہوں اور عالمی برادری سے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کا مطالبہ کرتا ہوں۔منیر ڈار نے کہا کہ غزہ کی صورتحال ایک انسانی المیہ ہے۔غزہ پچھلے کئی سالوں سے محاصرے کا شکار ہے، اور حالیہ کشیدگی نے وہاں کے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ہسپتالوں پر حملے، جو کہ زخمیوں اور بیماروں کی آخری پناہ گاہ ہیں، کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ان حملوں کے نتیجے میں طبی سہولیات کا نقدان، ادویات کی کمی اور ڈاکٹروں کی محدود تعداد، زخمیوں اور بیماروں کے لیے موت کا پروانہ بن چکی ہے۔ڈاکٹروں کے مطابق، غزہ میں صحت کا نظام مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے، اور ایسے بچے نظر آ رہے ہیں جو غذائی قلت کی وجہ سے "کاغذ کی طرح کمزور" ہو چکے ہیں۔خوراک، پانی اور بجلی کی شدید قلت نے غزہ کو ایک کھلی جیل میں تبدیل کر دیا ہے۔منیر ڈار نے کہا کہ غزہ میڈیا آفس کے مطابق، اسرائیل جان بوجھ کر 22 ہزار سے زائد امدادی ٹرکوں کو غزہ میں داخل ہونے سے روک رہا ہے، جس کی وجہ سے انسانی بحران مزید گہرا ہو رہا ہے۔صحافی، جو جنگ کی حقیقت کو دنیا تک پہنچانے کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، انہیں نشانہ بنانا آزادی اظہار پر حملہ ہے۔ان کی شہادت کا مطلب سچائی کا گلا گھونٹنا ہے تاکہ عالمی برادری کو وہاں کے اصل حالات سے بے خبر رکھا جا سکے۔یہ بین الاقوامی صحافتی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور جنگی جرائم کے زمرے میں آتا ہے۔میں پاکستان کی حکومت کے ڈپٹی پرائم منسٹر اور وزیر خارجہ، اسحاق ڈار کی غزہ کی صورتحال پر او آئی سی کے اجلاس میں شرکت اور سات نکاتی امن منصوبے کی پیشکش کو سراہتا ہوں۔ان کے یہ الفاظ کہ "غزہ (او آئی سی) معصوم جانوں اور عالمی قوانین دونوں کا قبرستان بن چکا ہے،" حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی یہ سفارتی کوششیں رنگ لائیں گی اور مسلم امہ اس انسانی المیہ کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔منیر ڈار نے کہا کہ میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کینیڈا، عالمی برادری سے مندرجہ ذیل فوری اقدامات کا مطالبہ کرتا ہے: غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا اعلان کیا جائے تاکہ مزید انسانی جانوں کا ضیاع روکا جا سکے۔غزہ میں خوراک، پانی، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریات کی بلا تعطل اور محفوظ فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔امدادی ٹرکوں کو فوری طور پر داخلے کی اجازت دی جائے۔بے گھر ہونے والے اور زخمیوں کے لیے محفوظ راہداریوں کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ انہیں طبی امداد اور محفوظ مقامات تک رسائی حاصل ہو سکے۔ہسپتالوں اور صحافیوں پر حملوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کو عالمی عدالت انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔عالمی برادری، خاص طور پر مغربی ممالک، غزہ میں بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں پر اپنا دوہرا معیار ختم کریں اور تمام فریقین پر یکساں طور پر عالمی قوانین کے احترام پر زور دیں۔میاں کرم الٰہی ٹرسٹ کی کینیڈا، غزہ کے مظلوم بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ہم اپنی بساط کیمطابق امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے اور انسانی بحران کے خاتمے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔یہ وقت ہے کہ انسانیت کو سیاست اور مفادات سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہیے۔غزہ کو ہماری آواز کی ضرورت ہے، اور ہم اس آواز کو ہر فورم پر بلند کرتے رہیں گے

بقیہ نمبر.........1

ہوئے۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ نے سیلاب سے نمٹنے کے اقدامات اور ریلیف سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور ریلیف آپریشنز مزید تیز کیے جائیں اور فلڈ ریلیف کیمپوں میں سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی، ان کے مسائل کا حل حکومت کی پہلی ترجیح ہے، اور سیلاب ریلیف کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔اجلاس کے بعد سپیکر پنجاب اسمبلی، صوبائی وزیر صحت اور ایم پی اے ملک احمد سعید خاں نے دریائے ستلج کے مختلف مقامات اور تلوار پوسٹ پر قائم فلڈ ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا۔ وفد نے متاثرہ دیہاتوں کا بھی معائنہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران نے سپیکر اور وزرا کو بریفنگ دی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ بعض علاقوں میں پانی کے باعث سڑکیں متاثر ہوئی ہیں، جن کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر پی ڈی ایم اے نے آف سیزن سے ہی بروقت اقدامات کیے تھے۔انہوں نے واضح کیا کہ متاثرین کے مسائل فوری حل ہوں گے اور حکومت ہر ممکن ریلیف فراہم کرے گی۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہیلتھ کیمپس اور موبائل یونٹس تعینات کر دیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ایمرجنسی میں فوری علاج ممکن بنایا جا سکے۔انہوں نے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو ہدایت کی کہ کسی بھی صورتحال کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں۔

بقیہ نمبر.........2

society for our lives کو سراہا۔ایکسپو ایسوسی ایشن کے منتظم اعلیٰ اکی نوکی مانا کسو نے ایکسپو آمد پر شکریہ ادا کیا۔ایکسپو ایسوسی ایشن کے اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی دلچسپی کو خوش آئند قرار دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کی دستکاریوں بالخصوص اجرک، بلیو پاٹری کے بارے میں آگاہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سر زمین پنجاب بیش بہا قدرتی خزانوں سے مالا مال ہے، اسے دنیا کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں۔پنجاب کے ہنرمند دستکاریوں کو بے مثال نمونوں میں بدلنے کی صلاحیتوں سے مالا مال ہیں۔پاکستان کے پویلین پر 1.2 ملین وزیٹر کی آمد دنیا کی پاکستانی مصنوعات میں دلچسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ایکسپو میں ماہرین درپیش معاشرتی مسائل کے حل پر قابل قدر سفارشات پیش کر رہے ہیں۔ایکسپو ایسوسی ایشن کے منتظم اعلیٰ اکی نوکی مانا کسو نے ایکسپو سے متعلق بریف کیا اور کہا کہ ایکسپو 2025 میں انسانی جان بچانے، عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور خدمات عامہ میں بہتری سے متعلق ساز و سامان اور طریقوں کو نمایاں کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر.........3

مرکزی حکومت مالیاتی اعداد و شمار صوبوں کے سامنے رکھے گی، وزارتی کمیٹی اگلے این ایف سی ایوارڈ کیلئے حکمت عملی وضع کر چکی ہے۔ذرائع وزارت خزانہ نے بتایا کہ وفاقی حکومت قرض پر سود ادائیگی، انسداد دہشت گردی کیلئے اخراجات صوبوں کو بتائے گی۔ذرائع کے مطابق بی آئی ایس پی اور دفاع پر آنے والے اخراجات پر بھی صوبوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ پر اتفاق رائے کے لیے اجلاس ہنگامہ خیز ہوگا۔یاد رہے کہ ساتویں این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبوں کا حصہ 50 فیصد سے بڑھا کر 57.5 کر دیا گیا تھا جبکہ مرکزی حکومت کا حصہ 50 سے کم کر کے 42.5 فیصد کر دیا گیا تھا۔ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق اس سے پہلے 10 این ایف سی کمیشن تشکیل دیے گئے جن میں سے صرف 4 نتیجہ خیز رہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ روز 11 واں قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) تشکیل دیا تھا۔وزیر خزانہ کمیشن کے سربراہ اور چاروں صوبوں کے وزرائے خزانہ ارکان ہوں گے، چاروں صوبوں سے ایک ایک ماہر کو بھی کمیشن میں شامل کیا گیا ہے، کمیشن کے ارکان کی تعداد 9 ہو گی۔ پنجاب حکومت سے ناصر محمود کھوسہ بطور ماہر این ایف سی کے رکن ہوں گے، سندھ حکومت کی جانب سے اسد سعید، خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے ڈاکٹر مشرف رسول اور بلوچستان حکومت کی طرف سے فرمان اللہ بطور ماہر این ایف سی کے رکن ہوں گے۔

بقیہ نمبر.........4

ذائقوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ایک رپورٹ کے مطابق ان ممالک میں ریسیپی مکسز، اچار، چٹنیاں، سوسز اور پراسیسڈ گوشت جیسی مصنوعات کی مانگ تیزی سے بڑھ رہی ہے، جو مقامی فوڈ پروسیسنگ کمپنیوں کیلئے عالمی سطح پر مواقع پیدا کر رہی ہے۔ تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر حکومت نے بروقت اقدامات نہ کیے تو یہ صنعت اپنی مکمل صلاحیت کا استعمال نہیں کر پائے گی۔پاکستان کی بڑی فوڈ کمپنیوں میں شمار ہونیوالی نیشنل فوڈز لمیٹڈ اس بڑھتی ہوئی مانگ سے بھرپور فائدہ اٹھا رہی ہے، کمپنی نے گزشتہ پانچ سال میں برآمدات تین گنا بڑھا لی ہیں، جو مالی سال 2019-20 میں 1.5 ارب روپے سے بڑھ کر موجودہ وقت میں تقریباً 4.5 ارب روپے تک پہنچ چکی ہیں۔کمپنی حکام کے مطابق بین الاقوامی برآمدات کے راستے میں متعدد رکاوٹیں حائل ہیں، مختلف ممالک کے الگ ضوابط، لیبلنگ اور سرٹیفکیشنز جیسے کہ سعودی عرب کیلئے SFDA اور امریکا کیلئے FDA، برآمدی عمل کو مشکل اور مہنگا بنا دیتے ہیں۔مزید برآں کئی مارکیٹوں میں IPM گریڈ خام مال کی ضرورت اخراجات میں اضافہ کرتی ہے، جبکہ مختلف معیاروں کی وجہ سے انونیٹری اور پیداوار کا انتظام بھی پیچیدہ ہو جاتا ہے۔عالمی سطح پر سیاسی کشیدگی کے باعث لاجسٹکس کا نظام متاثر ہوا ہے جس سے شپنگ اخراجات میں اضافہ ہوا ہے، وقت پر مکمل ترسیل نہ ہونے کی صورت میں پاکستانی مصنوعات دیگر ممالک کے مقابلے میں کمزور پڑ جاتی ہیں۔

بقیہ نمبر.........5

منگلا ڈیم میں پانی کا لیول 1219.40 فٹ ہونے کے بعد 76 فیصد تک بھر گیا ہے۔اسی طرح راول ڈیم کا لیول 1751.70 فٹ، خانپور ڈیم 1979 فٹ، سملی ڈیم کا لیول 2313.90 فٹ ہے۔ادھر دریائے سندھ میں گڈو بیراج پر اونچے درجے کا سیلاب ہے جہاں پانی کی آمد 5 لاکھ 43 ہزار 184 اور اخراج 5 لاکھ 7 ہزار 853 کیوسک ریکارڈ کی گئی ہے، دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر اونچے درجے اور ہیڈ سلیمانکی پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے جبکہ تربیلا کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔اس کے علاوہ دریائے راوی کے اہم مقامات پر بہاؤ معمول کے مطابق ہے، دریائے راوی کے ملحقہ نالہ بسنتر میں بہاؤ میں کمی کے ساتھ نچلے درجے کا سیلاب ہے، دریائے جہلم، چناب، کابل اور ناری کے اہم مقامات پر بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ڈی جی خان رینج کے پہاڑی برساتی نالے سنگھڑ، وہواء اور کوڑا میں بھی بہاؤ معمول کے مطابق ہے جبکہ راجن پور رینج کے پہاڑی برساتی نالوں میں کوئی بہاؤ نہیں ہے۔دوسری جانب بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے بعد دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے جسکے باعث مزید کئی نشیبی علاقے ڈوب گئے اور ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں۔

بقیہ نمبر.........6

اس دوران نواز شریف نے اپنی گاڑی رکوا لی اور مقامی لوگوں اور سیاحت کے لئے آنے والوں سے ملاقات کی جنہوں نے نواز شریف کے ہمراہ تصاویر اور سیلفیاں بنائیں۔ملاقات کرنے والوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی میں آپ کا کردار ناقابل فراموش ہے۔نواز شریف نے بچوں سے شفقت کا اظہار کیا جبکہ اس موقع پر قالین بیچنے والے بچوں سے بھی ملاقات کی۔

بقیہ نمبر.........7

کو سعودی عرب روانہ ہوں گے۔دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار، 25 تا 26 اگست 2025 کو سعودی عرب کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے، وہ جدہ میں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی وزرائے خارجہ کونسل کے غیر معمولی اجلاس میں شرکت کریں گے

بقیہ نمبر.........8

پاور انفارمیشن کمپنی اور پاور ڈویژن کی ہدایات کو یکسر نظر انداز کیا۔دستاویز کے مطابق 10 لاکھ سے زائد ایسے صارفین کو شامل کیا گیا جو پیکیج میں نہیں آتے تھے، معاشی پیکیج میں ان صارفین کو شامل کیا گیا جنہوں نے کنڈا لگا رکھا تھا۔معاشی پیکیج میں غیر قانونی کنکشنز میں ملوث 588 صارفین کو شامل کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق ایک لاکھ 44 ہزار سے زائد ڈیفالٹرز کو بھی معاشی پیکیج میں شامل کیا گیا، ڈیفالٹرز کو معاشی پیکیج کے ذریعے ایک ارب 39 کروڑ روپے سے زائد ادائیگی کی گئی۔کورونا وائرس کے دوران ڈسکوز کے معاشی پیکیج میں 97 ہزار صارفین کو ایک ارب روپے کی سبسڈی بغیر تصدیق دی گئی، ان صنعتکاروں کے شناختی کارڈز کے مطابق ان کے نام پر بجلی کے کئی کنکشنز موجود تھے۔رپورٹ کے مطابق 7 ارب 77 کروڑ سے زائد سبسڈی ایسے صارفین کو دی گئی جو پیکیج کی مقررہ مدت کے بعد شامل ہوئے، 57 ہزار ایسے صارفین کو پیکیج میں شامل کیا گیا جنہوں نے بعد میں کنکشنز لیے۔ 11 ہزار سے زائد ایسے صارفین کو شامل کیا گیا جن کے مستقل ایڈریس کا ثبوت نہیں مل رہا، معاشی پیکیج میں 2 ارب 43 ہزار روپے اضافی سبسڈی دینے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔

بقیہ نمبر.........9

اس اپ گریڈیشن کے بعد نہ صرف ٹریفک خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی کی جا سکے گی بلکہ جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر بھی باریک بینی سے نظر رکھی جائے گی۔موجودہ صورتحال کے مطابق پہلے صرف 600 کیمرے فیشل ریکگنائزیشن کے لیے استعمال ہو رہے تھے جبکہ 1100 کیمرے ای چالاننگ کے لیے مختص تھے۔اب ان تمام کیمروں کو جدید ٹیکنالوجی سے فنکشنل بنانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔حکام کے مطابق سافٹ ویئر اپ گریڈیشن کا یہ عمل سیف سٹیز اتھارٹی خود اپنے وسائل سے کر رہی ہے۔مزید یہ کہ دیگر شہروں میں بھی کیمرے جدید سسٹم سے لیس ہیں اور لاہور میں بھی یہ عمل جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر.........10

سی آئی اے نے فراڈ نیٹ ورکس کو توڑنے کے لیے مشترکہ چھاپے اور کارروائیوں کی سفارش کر دی۔ تیز رفتار رپورٹنگ میکنزم اور ڈیجیٹل شواہد محفوظ کرنے کے نظام قائم کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔این سی سی آئی اے کے مطابق سائبر کرائمز کی بروقت تحقیقات اور قانونی کارروائی کو ممکن بنایا جائے۔ ذرائع کے مطابق قوانین کو موثر بنانے کے ساتھ عدالتی نظام کو تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ مشکوک کال ٹریفک پیٹرنز کی نشاندہی اور غیر قانونی وی او آئی پی سیٹ اپس بلاک کرنے کی تجویز ہے۔ سفارشات میں کہا گیا ہے کہ مالیاتی دھوکہ دہی میں ملوث کال سینٹرز سے پاکستان کے ڈیجیٹل مالیاتی نظام پر عوامی اعتماد متاثر ہونے کا خدشہ ہے، این سی سی آئی اے نے غیر قانونی کال سینٹرز کا خاتمہ شہریوں کی معاشی سلامتی کے تحفظ کیلئے ناگزیر قرار دے دیا، شہریوں کو دھوکہ دہی سے بچانے کے لئے عوامی آگاہی مہمات چلانے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر.........11

دماغ کے خیالات پڑھ کر انہیں کمپیوٹر اسکرین پر لکھ یا بول سکتا ہے۔ایک رپورٹ کے مطابق ماڈل میں ڈیڑھ لاکھ الفاظ ذخیرہ ہیں، وہ لمحوں میں خیالات سمجھ لیتا ہے، یہ انقلابی ایجاد لاکھوں انسانوں کو زبان دے گی جو پیدائشی یا کسی بیماری و حادثے سے بول نہیں سکتے، یہ اے آئی ماڈل ایک آلے "برین، کمپیوٹر انٹرفیسز" کا حصہ ہے جس میں انسانی دماغ کے "موٹر کورٹیکس ایریا" میں سینسر لگے ہوتے ہیں اور جہاں زبان کو حرکت دینے احکامات جنم لیتے ہیں۔یہ سینسر احکامات پکڑ کر بذریعہ تار اے آئی ماڈل کو بھجواتے ہیں جو انہیں الفاظ میں ڈھال کر اسکرین پر دکھاتا ہے، ماہرین اس آلے کو "وائرلیس" اور "کمپیکٹ" بنانے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ قوت گویائی سے محروم انسان اِسے بذریعہ موبائل اسکرین استعمال کر کے اپنی مشکل زندگی آسان بنا سکے۔

بقیہ نمبر.........12

درآمد 42.6 فیصد اضافے سے 1.34 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں، اسمارٹ موبائل فونز کی درآمد میں 125 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا، جولائی 2025 میں 14 کروڑ 53 لاکھ ڈالر کے موبائل درآمد ہوئے، صرف ایک ماہ میں 41 ارب 38 کروڑ روپے کے موبائل منگوائے گئے۔دستاویز کے مطابق ٹیکسٹائل سیکٹر کی درآمدات میں 21 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا اور حجم 59 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گیا، ٹرانسپورٹ سیکٹر میں درآمدات 167 فیصد اضافے سے 30 کروڑ 70 لاکھ ڈالر رہیں، گاڑیوں کی درآمد میں 139 فیصد اضافہ ہوا، ماہانہ حجم 3 کروڑ 28 لاکھ ڈالر رہا، گاڑیوں کی مقامی اسمبلنگ کیلئے پرزوں کی امپورٹ 290 فیصد تک بڑھ گئی۔بسوں، ٹرکوں، ہیوی گاڑیوں، جہازوں کی درآمدات میں بھی اضافہ ہوا، جولائی میں موٹر کارز کے پارٹس کی درآمد 13 کروڑ 42 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی، غذائی اشیاء کی درآمدات 41 فیصد اضافے سے 74 کروڑ 38 لاکھ ڈالر رہی، دودھ، کریم، گندم، خشک میوہ جات، چائے، مصالحوں کی درآمد بھی بڑھ گئی۔سویابین، پام آئل، چینی، دالوں سمیت دیگر اشیاء کی درآمد میں بھی اضافہ دیکھا گیا، گزشتہ ماہ سب سے زیادہ 30 کروڑ 21 لاکھ ڈالر مالیت کا پام آئل امپورٹ ہوا، مشینری کی درآمدات میں 29 فیصد اضافہ ہوا جس کے بعد حجم 92 کروڑ 75 لاکھ ڈالر رہا، زرعی آلات کی درآمد 9.13 فیصد اضافے سے 89 کروڑ ڈالر رہی، سونے کی درآمد میں 100 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ نمبر.........13

لیگ (ن) امیدوار رانا ثنا اللہ خان، تحریک انصاف کی امیدوار سلمیٰ اعجاز اور آزاد امیدوار احمد شہریار کے کاغذات نامزدگی درست قرار دیئے گئے۔ سینیٹ کے ضمنی انتخاب کے لئے ووٹنگ 9 ستمبر کو پنجاب اسمبلی کے ایوان میں ہو گی۔مذکورہ نشست اعجاز چوہدری کی نومئی کے مقدمات میں سزا کے بعد نااہل ہونے پر خالی ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر.........14

فلیش فلڈنگ اور سیلاب سے نمٹنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔کمشنر ڈی جی خان ڈویژن، کمشنر ساہیوال ڈویژن، کمشنر ملتان ڈویژن، ڈپٹی کمشنر ضلع قصور، ڈپٹی کمشنر ضلع اوکاڑہ اور ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے اجلاس کو تازہ صورتحال سے آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر.........15

کے بعد 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ نان بائیوں نے روٹی کی قیمت میں 2 روپے اضافہ کرنے کا کہہ دیا ہے، روٹی کی قیمت 14 کے بجائے 16 روپے کیے جانے کا امکان ہے۔دوسری جانب نان بائی ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے اپنی گفتگو میں کہا ہے کہ گندم کی قیمت میں اضافے کے بعد روٹی کی قیمت میں اضافہ ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر.........16

جائیں گے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ نے صنعتی ورکرز کو فلیٹ الاٹمنٹ کے لئے کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ضلع لاہور اور قصور کے صنعتی کارکنوں کے لئے گھر بیٹھے ویب سائٹ سے درخواست فارم حاصل کرنے کی سہولت میسر ہے۔مفت فلیٹ الاٹمنٹ کیلئے ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر نارتھ اور ساؤتھ کے علاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر قصور کے دفتر سے بھی فارم حاصل کئے جا سکتے ہیں۔درخواستیں جمع کرانے کیلئے 8 ستمبر آخری تاریخ مقرر کر دی گئی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع قصور کے صنعتی ورکرز کیلئے دو تہائی اور ضلع لاہور کے ورکرز کیلئے ایک تہائی ہاؤسنگ یونٹ کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔صنعتی ورکرز ویب سائٹ www.pwwf.punjab.gov.pk اور www.labour.punjab.gov.pk پر گھر بیٹھے اپلائی کر سکتے ہیں۔صنعتی ورکرز 049-2724261--0331-4436944 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔صنعتی کارکن پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ 042-99260240 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر.........17

کو فساد کرنے والے قومی مجرم ہیں جو کسی صورت سزا سے نہیں بچ سکتے، پی ٹی آئی نے اپنے چار سالہ دور میں نوجوانوں کی ذہن سازی کی، ان کے دلوں میں نفرت کے بیج بوئے، ہاتھوں میں کتابوں کی بجائے پٹرول بم تھمائے، ملکی معیشت کے ساتھ کھلواڑ کیا، دوست ممالک کو ناراض کیا جس سے پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کا پہیہ رک گیا۔انہوں نے کہا کہ عوام ان شرپسندوں کے حقیقی چہرے پہچان چکے ہیں، ملک اب جلاؤ گھیراؤ اور دھرنوں کی سیاست کا متحمل نہیں ہو سکتا، نومئی کو جو کچھ ہوا عوام نے خوب دیکھا لہٰذا نومئی کے واقعات سے راہ فرار حاصل کرنے والے سزاؤں سے کسی صورت بچ نہیں سکتے۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مدبرانہ سوچ اور ان کی باصلاحیت ٹیم کی بدولت ملک اب ترقی کی جانب گامزن ہے، مہنگائی میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، سٹاک ایکسچینج کا گراف بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے، معاشی اعشاریے مثبت ہیں اور دنیا پاکستانی معیشت کی معترف ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام کی بات ہونی چاہیے نا کہ توڑ پھوڑ اور نفرت کی کیونکہ پاکستان ہے تو ہماری سیاست ہے، معاشی استحکام کیلئے ملک میں سیاسی استحکام کا ہونا ناگزیر ہے، جمہوریت ڈائیلاگ سے آگے بڑھتی ہے، ڈیڈ لاک سے جمہوریت میں استحکام نہیں آتا۔بانی پی ٹی آئی کو جیل میں سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں معاون خصوصی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں تمام سہولیات میسر ہیں لیکن اگر وہ پھر بھی مطمئن نہیں تو ان کو پی سی سے کھانا لا کر دیا جائے اور دو دوا ے سی لگوا کر دیئے جائیں حکومت کو کوئی اعتراض نہیں، ایک جماعت جس نے دو سال قبل قومی تنصیبات پر حملہ کیا، شہدا کی یادگاروں کو جلایا، قومی ہیروز کی قبروں کی بے حرمتی کی، آج وہ لوگ اس بات سے انکار کر رہے ہیں کہ پتہ نہیں یہ گھناؤنے واقعات کس نے کئے حالانکہ نومئی کے واقعات کی باقاعدہ ویڈیوز موجود ہیں جس میں پی ٹی آئی کے شرپسند عناصر قومی یادگاروں کو جلا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر.........18

ہوا ہے۔رپورٹ کے مطابق ریلوے کی قیمتی اراضی پر نجی اور سرکاری اداروں کی جانب سے تجاوزات قائم کر لی گئی ہیں، ریلوے کی 8 ہزار 372 مرلے سے زائد اراضی پر نجی و سرکاری اداروں نے قبضہ کر رکھا ہے، اراضی کی مالیت 5 ارب 63 کروڑ 40 لاکھ روپے سے زائد ہے۔آڈٹ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریلوے اراضی پر تجاوزات 1980 سے 2024 کے دوران قائم کی گئیں، مسلسل تین سال 2019-20، 2021-22 اور 2023-24 کی آڈٹ رپورٹ میں معاملے کی نشاندہی کی گئی۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بار بار ایک ہی معاملے کا سامنے آنا تشویش کا باعث بن رہا ہے۔حکام کی جانب سے سفارش کی گئی ہے کہ ریلوے زمین کی ریکوری کے جلد از جلد اقدامات کیے جائیں، ریلوے اراضی پر تجاوزات کیوں ہوئیں ذمہ داران کا تعین بھی کیا جائے۔

بقیہ نمبر.........19

پابندی عائد کر دی گئی، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے پی ٹی اے کو ان ایپس کی بندش کے حوالے سے لکھا تھا۔ترجمان کے مطابق یہ ایپس عوام سے اربوں روپے غیر قانونی طور پر بٹور رہی تھیں، غیر قانونی ایپلی کیشنز میں فاریکس ٹریڈنگ کی نان ریگولیٹڈ ایپس بھی شامل ہیں۔شہریوں کا ذاتی ڈیٹا اور موبائل نمبر کی تفصیلات دینے والی ایپس بھی شامل ہیں۔ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق کئی ایپس شہریوں کا پرسنل ڈیٹا اور سم معلومات غیر قانونی طور پر اکٹھی کر رہی تھیں، ان ایپس سے جوئے اور جلد امیر بننے کیلالچ نے نوجوانوں کو گمراہ کیا

بقیہ نمبر.........20

کے ذمہ دار ہیں، مقتول کو تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کیا گیا۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے مقتول کی لاش پوسٹمارٹم کیلئے منتقل کر دی، واقعہ کا مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔

بقیہ نمبر.........21

پچاس سالہ عزیزہ بی بی پر حملہ کیا جو موقع پر دم توڑ گئی۔ پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر کے لاش کو پوسٹمارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر دیا۔بتایا گیا ہے کہ پولیس نے چھریوں کے وار سے اہلیہ کو قتل کرنے والے ملزم ظہور کو گرفتار کر لیا۔پولیس نے مقتولہ کے بیٹے بدر ظہور کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ نمبر.........22

شہری مسائل کو کم کرنا اور رہائشیوں کے لیے شہری سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔اجلاس میں کیے گئے اہم فیصلوں میں ٹی چوک پر فلائی اوور اور شاہین چوک پر انڈر پاس کی تعمیر بھی شامل ہے جس کا سنگ بنیاد ستمبر کے اوائل میں رکھا جائے گا۔وفاقی وزیر نے تجاوزات کے خلاف شہر بھر میں آپریشن کا حکم دیتے ہوئے زور دیا کہ غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔انہوں نے ایس ایس پی آپریشنز، اے ڈی سی جی اور ڈائریکٹر ڈی ایم اے سمیت سینئر حکام کو ذمہ داری سونپتے ہوئے متاثرہ سیکٹرز کو کلیئر کرنے کے لیے 30 ستمبر کی آخری تاریخ مقرر کی ہے۔

بقیہ نمبر.........23

کے مطابق لاہور، کراچی، اسلام آباد سمیت بڑے شہروں کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا جس کے بعد وزیراعظم نے پولیو ٹاسک فورس کا اجلاس 27 اگست کو طلب کر لیا ہے، اجلاس میں چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ، چیف سیکرٹریز بھی شریک ہوں گے۔پاکستان میں رواں سال پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد 21 تک پہنچ گئی ہے، جنوبی خیبر پختونخواہ سے اب تک 13 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔

بقیہ نمبر.........24

ہوئے چوری اور سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے چھینا گیا موبائل فون و رقم 27 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کے جان و مال پر حملہ کرنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ نمبر.........25

ملاقات کرنے والوں میں ڈاکٹر رشید ایوبی انجینئر نوید اور بابا عبدالغفور شامل تھے۔ڈاکٹر رشید ایوبی انجینئر نوید اور بابا عبدالغفور نے پی ٹی آئی چھوڑ کر مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کیا۔سابقہ ایم پی اے رمضان بھٹی، چیئرمین طارق کمبوہ اور امیر حمزہ بھی موقع پر موجود تھے۔سابقہ پی ٹی آئی عہدیدار نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسیوں پر مکمل اعتماد ہے، مریم نواز شریف کے ویژن نے متاثر کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی شبانہ روز محنت دیکھ کر مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے اور مسلم لیگ (ن) ہی عوام کی اصل نمائندہ جماعت ہے۔خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسیوں نے ناقدین کو بھی تعریف پر مجبور کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر.........26

خان کمپوزٹ سرکل میں تبادلہ، ذیشان افضل لاہور سے کراچی ایڈیشنل ڈی جی آفس میں تعینات، گل شہناز اکرم لاہور ایف آئی اے زون میں تعینات جبکہ شفقات جمال کا پشاور ایئرپورٹ سے ملتان ایئرپورٹ امیگریشن میں تبادلہ کر دیا گیا۔محمد صفیر احمد راولپنڈی سے اسلام آباد اینٹی کرپشن سرکل منتقل، کوثر محمود اسلام آباد سے گوجرانوالہ اینٹی منی لانڈرنگ سرکل، ساجد محمود کا اسلام آباد سے کراچی اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل میں تبادلہ، مزام علی کا ملتان ایئرپورٹ سے پشاور ایف آئی اے زون میں تبادلہ، سراج محمد کو پشاور ایئرپورٹ سے گوجرانوالہ ایف آئی اے زون تعینات کر دیا گیا۔یاسر عرفات پشاور سے ایف آئی اے ہیڈکوارٹر اسلام آباد انٹرپول میں تعینات، محمد یوسف کا گوجرانوالہ سے ملتان ایف آئی اے زون میں تبادلہ، عمارہ قریشی کراچی سے اسلام آباد کارپوریٹ کرائم سرکل میں تعینات، محمد ندیم کا اسلام آباد سے حیدرآباد شہید بینظیر آباد کمپوزٹ سرکل تبادلہ، افروز احمد حیدر کو راولپنڈی سے کراچی ایڈیشنل ڈی جی آفس میں تعینات کر دیا گیا۔عمیر ارشد کا کراچی سے کوئٹہ ایف آئی اے زون میں تبادلہ، ملیکہ مختار کراچی ایڈیشنل ڈی جی آفس سے کراچی اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل تعینات، بہزاد اعظم کا کراچی سے کوئٹہ ایف آئی اے زون میں تبادلہ، وقاص احمد ورک کا کراچی سے گوادر کمپوزٹ سرکل ایف آئی اے کوئٹہ زون میں تبادلہ، فاطمہ طلحہ زہرا سیالکوٹ ایئرپورٹ سے اسلام آباد کمرشل بینکنگ سرکل میں، ابوبکر عثمان فیصل آباد سے پشاور اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل میں، عبدالرحمان صدیقی کا کراچی ایڈیشنل ڈی جی آفس سے کوئٹہ ایف آئی اے زون میں تبادلہ، محمد آصف کا گوادر سے کراچی ایف آئی اے زون میں تبادلہ جبکہ فیضان الحق کا اسلام آباد سے پشاور ایئرپورٹ امیگریشن میں تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر.........27

کے ہمراہ چھاپہ مار گھلا پور سے ملزمان اصغر علی، اکرم اور علی رضا کو گرفتار کر کے سرگودھا لا رہی تھی کہ ان کی گاڑی مانگنی پل کے قریب سڑک پر کھڑے رولر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ پولیس گاڑی تباہ اور تین پولیس اہلکاروں سمیت ملزمان زخمی ہو گئے جن میں دماغ پر شدید چوٹ آنے سے اصغر نامی ملزم دم توڑ گیا جبکہ ہیڈ کانسٹیبل سلیمان علی، کانسٹیبل عاصم اور طیب یعقوب کو زخمی حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور ملزمان اکرم اور اس کے بیٹے علی رضا کو معمولی چوٹیں آنے پر ٹی ایچ کیو بھاگٹانوالہ میں ابتدائی طبی امداد فراہم کر دی گئی اس حادثہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او نے رپورٹ طلب کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا۔تھانہ بھاگٹانوالہ پولیس متوفی اصغر علی کا پوسٹ مارٹم کروا کر قانونی کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر.........28

موڑ پر ٹریکٹر ٹرالی کے ساتھ ٹکرانے اس کے نیچے آ کر جاں بحق ہو گیا۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور ضروری کارروائی کے بعد نوجوان کی لاش کو گھر منتقل کر دیا۔مقامی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر.........29

زریں، دانشوروں، علما کرام اور کالم نگاروں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے منعقدہ عظیم محفل میں شرکت میرے لئے باعث فخر ہے۔حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ برصغیر کی وہ عظیم ہستی ہیں جنہوں نے یہاں اسلام کی شمع روشن کی، صوبائی وزیر نے کہا کہ اس سال داتا صاحب کے عرس میں دنیا بھر سے 20 لاکھ سے زائد زائرین نے حاضری کی سعادت حاصل کی۔انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے حضرت داتا گنج بخش کی تعلیمات عام کرنے کی ضرورت ہے۔چوہدری شافع حسین نے کہا کہ معاشرے میں تکبر بہت بڑھ چکا، اللہ تعالیٰ کو تکبر ناپسند ہے۔سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین نے ہمیں عاجزی اور عزت سے جینا سکھایا ہے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ اوقاف کی مکمل ڈیجیٹائزیشن کی جا رہی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام مزارات اور مساجد کی تزئین و آرائش کیلئے فنڈز کی منظوری دے دی ہے اور اس حوالے سے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔درباروں اور مساجد میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں، 12 ربیع الاول مذہبی عقیدت و احترام سے منانے کی تیاریاں بھی شروع کر دی گئی ہیں۔صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈیولپمنٹ بلال یاسین نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش کے حوالے سے تقریب میں شرکت میرے لئے باعث اعزاز ہے۔حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ وہ شخصیت ہیں جن کے دربار پر روزانہ ہزاروں عقیدت مند حاضری دیتے ہیں۔حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کو زبان زد عام کرنے کی ضرورت ہے۔سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ خطے میں قافلہ شریعت کے سرخیل ہیں جن کے طفیل یہاں اسلام کی روشنی پھیلی۔انہوں نے کہا کہ سید ہجویر خطے میں مسلم تخلیقی فکر کے بانی تھے۔تقریب کے اختتام پر صوبائی وزراء اور سیکرٹری اوقاف نے کانفرنس کے مہمانوں کو کشف المحجوب کے نسخے اور سوینئر دیئے۔

بقیہ نمبر.........30

کارروائیاں عمل میں لا رہی ہیں۔تفصیلات کے مطابق تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن میں 26 نمبر چونگی سے بجانب ٹیکسلا جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف، ٹی چوک ترنول، سید پور ویلیج، لہتراڑ روڈ اور دیگر علاقوں میں بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔جی ٹی روڈ 26 نمبر چونگی بجانب ٹیکسلا جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف 16 کلومیٹر طویل علاقے میں آپریشن کیا گیا۔اس آپریشن میں تقریباً 95 فیصد سے زائد علاقے کو غیر قانونی قابضین و تجاوزات سے کلیئر کروا لیا گیا۔ ابتک کی کارروائیوں میں 578 ڈھانچوں کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر کے سرکاری اراضی واگزار کروالی گئی۔کار سرکار میں مداخلت کرنے والے 113 افراد کو حراست میں لیکر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔سی ڈی اے نے ٹی چوک ترنول کے علاقے میں بھی غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائیاں کیں۔جسکے نتیجے میں ٹی چوک ترنول کے علاقے میں 6 کلومیٹر تک کی سڑک سے غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا۔اس طرح مجموعی طور پر ٹی چوک ترنول کے علاقے میں 191 چھوٹی بڑی غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کو مسمار کر کے سرکاری اراضی واگزار کروالی گئی۔اسی طرح سید پور ماڈل ویلج میں غیر قانونی قابضین سے 370 کنال سرکاری اراضی میں سے 210 کنال سے زائد اراضی مکمل طور واگزار کروائی جا چکی ہے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سید پور کی اپ گریڈیشن اور غیر قانونی تعمیرات سے پاک کرنے سے شہریوں کو بہترین سیاحتی مقام بھی میسر آئے گا۔غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کے خاتمے کیلئے لہتراڑ روڈ کے علاقے میں بھی سی ڈی اے نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مشترکہ کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 24 کلومیٹر طویل سڑک کو غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات سے پاک کر کے سڑک دونوں اطراف سے کلیئر کروادی گئی۔

بقیہ نمبر.........31

اور انکے دیگر ساتھیوں کو وزیراعظم ہاؤس میں بلایا گیا تاہم فلائٹ منسوخ ہونے کی وجہ سے چرواہے اسلام آباد نہیں پہنچ سکے۔ترجمان فلائٹ منسوخ ہونے کے بعد تینوں چرواہے بذریعہ سڑک اسلام آباد روانہ ہوں گے۔

بقیہ نمبر.........32

دیکھی جا رہی ہے، ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر ریسکیو ٹیمیں امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور ہیوی مشینری کے ذریعے سڑکوں کی بحالی کا کام جاری ہے۔انتظامیہ نے مقامی افراد اور سیاحوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور خطرناک علاقوں میں جانے سے اجتناب کریں۔

بقیہ نمبر.........33

اسلام آباد کا علاقہ بہارہ کہو اٹھال چوک پانی میں ڈوب گیا ہے۔بارش کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہو گیا ہے، بارش سے کئی گاڑیاں بھی پھنس گئیں ادھر بارش کے باعث راول ڈیم کے اسپل وے کھول دیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر.........34

(پیر) شام تک امیدوار کا نام فائنل کرنا ہے۔

بقیہ نمبر.........35

انچارج مددگار کنڈھکوٹ، خلیل لغاری نے ایک اسٹریٹ کرمنل صدام حسین ولد حبیب اللہ شیخ کو گرفتار کیا۔ملزم کے خلاف مقدمہ (FIR No. 227/25 u/s 399, 402 PPC، تھانہ اے سیکشن کنڈھکوٹ) کر لیا گیا ہے کارروائی 3 ایس ایچ او تنگوانی نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے باری ملک کی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کی اور مالک کے حوالے کر دی کارروائی 04 ایس ایچ او ڈیرہ سرکی میر حسن عیسانی نے کارروائی کرتے ہوئے محمد شعبان سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے مالک کے حوالے کی ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو نے کامیاب کارروائیوں پر متعلقہ افسران اور ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی

بقیہ نمبر.........36

مدد اس طرح کے غم کو مٹا نہیں سکتی۔انہوں نے کہا کہ زندگی کی بحالی اور معمولات کو بحال کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔امدادی کارروائیوں کے بارے میں اپ ڈیٹ کرتے ہوئے، انہوں نے بتایا کہ بڑی سڑکوں کو کلیئر کر دیا گیا ہے، صرف چند علاقے زیر التواء ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 60 متاثرہ فیڈرز میں سے 47 میں بجلی بڑی حد تک بحال کر دی گئی ہے جو مکمل طور پر فعال ہیں اور بقیہ کو جلد ہی بحال کر دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں 250000 ٹن ضروری خوراک اور ادویات پہنچا دی گئی ہیں، موجودہ سپلائی اب سرپلس میں ہے۔وفاقی وزیر نے پاکستان کے شدید موسمیاتی خطرات پر بھی روشنی ڈالی، اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ عالمی اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم حصہ ڈالنے کے باوجود ملک موسمیاتی تبدیلیوں بشمول سیلاب اور گلیشیئر پگھلنا کے تباہ کن نتائج کا شکار ہے۔انہوں نے عالمی عدم توازن کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ سب سے زیادہ آلودگی پھیلانے والے ممالک تقریباً تین چوتھائی اخراج پیدا کرتے ہیں جبکہ زیادہ تر موسمیاتی فنانسنگ بھی حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے اس تفاوت کو "بین الاقوامی نظام کی ایک واضح منافقت" قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے ذمہ دار ترقی یافتہ ممالک سے انصاف اور سرمایہ کاری کا مطالبہ کرتا رہے گا۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے قدرتی آبی گزرگاہوں میں رکاوٹ بننے والی تمام غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے کی سخت ہدایات جاری کی ہیں، بے گھر ہونے والوں کے لیے متبادل رہائش کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر.........37

سندھ حافظ نصر اللہ چنہ امیر جماعت اسلامی ضلع کشمور غلام مصطفیٰ میرانی نائب امیر ضلع کشمور مولانا رفیع الدین چنہ اور رہنما جماعت اسلامی پروفیسر حبیب اللہ پٹھان نے خصوصی خطاب کیا رہنماؤں نے جماعت اسلامی کی نظریاتی بنیاد، قیام، جدوجہد، اور اسلامی نظام کے قیام کے لیے کی جانے والی کاوشوں پر روشنی ڈالی۔مقررین کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی ہمیشہ حق سچائی اور انصاف کی علمبردار رہی ہے، اور پاکستان کو کرپٹ نظام سے نجات دلا کر ایک مثالی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے پرعزم ہے تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی ترقی اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ پروگرام میں شہریوں، کارکنوں اور علم دوست حلقوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر.........38

سہولت سے محرومی کے باعث شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں شہریوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی سست رفتاری حد سے تجاوز کر چکی ہے ایک منٹ 40 سیکنڈ کی معمولی ویڈیو بھی دو منٹ کے اندر صرف 66 سیکنڈ تک ہی ڈاؤنلوڈ ہو پاتی ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مکمل ویڈیو کتنے طویل وقت میں ڈاؤنلوڈ ہوگی موبائل فون صارفین کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ کا استعمال اب سہولت نہیں بلکہ اذیت بن چکا ہے متاثرین کے مطابق نجی کمپنیاں جیسے موبی لنک زونگ اور یوفون صرف منافع خوری میں مصروف ہیں جبکہ صارفین کو معیاری سروس فراہم کرنے میں مکمل ناکام نظر آتی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ماہانہ ہزاروں روپے ادا کرنے کے باوجود انہیں قابل قبول رفتار کی انٹرنیٹ سروس مہیا نہیں کی جا رہی انٹرنیٹ کی ناقص فراہمی سے تاجر برادری طلباء اساتذہ آن لائن کام کرنے والے افراد، اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ لوگ بُری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔طلباء آن لائن کلاسز اور اسائنمنٹس کے لیے، جبکہ تاجر طبقہ بینکنگ اور آن لائن سسٹم کے لیے انٹرنیٹ پر انحصار کرتا ہے لیکن موجودہ صورتحال نے ان کے معمولات زندگی کو مفلوج کر دیا ہے سماجی رہنماؤں، تاجر برادری، اور عام شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کنڈھ کوٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری نوٹس لیتے ہوئے ان نجی کمپنیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں، اور انٹرنیٹ سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔شہریوں نے خبردار کیا کہ اگر مسائل حل نہ کیے گئے تو احتجاجی راستہ اختیار کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر.........39

پرائس مجسٹریٹس کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ ہمیں ریلیف فراہم کروانے مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے برائلر مرغی کا صافی گوشت 700 سے 750 روپے کلو جبکہ بیف 1200 روپے کلو اور مٹن 2400 روپے کلو سرعام دھڑلے سے فروخت کیا جا رہا ہے مجال ہے اے سی گوجر خان نے اس پر نوٹس لیا ہو یا پرائس مجسٹریٹس سے کوئی باز پرس کی ہو آئے روز سوشل میڈیا اور واٹس ایپ نیوز گروپس جن میں اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر انتظامی افسران موجود ہیں شہری گراں فروشی کا رونا روتے ہیں مگر افسر شاہی کو ذرہ بھی ترس نہیں آتا

بقیہ نمبر.........40

ٹی پارک کی پہلی ڈیڈ لائن 23 مارچ 2025 مقرر کی گئی تھی، کنٹریکٹر کی نااہلی اور کام کی سست روی تاخیر کی بڑی وجہ قرار دی جا رہی ہے۔آئی ٹی پارک 2 بیسمنٹ اور 9 بالائی منزلوں پر مشتمل ہوگا، منصوبے کا مقصد نوجوانوں کے لیے روزگار اور معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے، آئی ٹی پارک عالمی مسابقت بڑھانے اور ڈیجیٹل تقسیم ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر.........41

صاحب نے بے شمار نادار خوش نصیب افراد کو مکمل فری عمرہ پیکج فراہم کیے، جن میں ویزہ، ٹکٹ، رہائش اور دیگر تمام اخراجات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر.........42

جانی چاہیے اور انکے پیچھے جو پشت پناہی کرتے ہیں انکو بھی بے نقاب کیا جانا چاہیے

بقیہ نمبر.........43

کی لہر دوڑ گئی ہے ذرائع کے مطابق، شہر میں افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ متعلقہ سب ڈویژنز کے ان ملازمین سے مبینہ طور پر رشوت طلب کی گئی تھی، اور جب انہوں نے انکار کیا تو انہیں سزا کے طور پر ایک ہی دن میں تبادلے کا نشانہ بنایا گیا۔سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ایک سب ڈویژن سے بیک وقت 17 ملازمین کا تبادلہ کیا گیا، جسے ملازمین نے سخت ناانصافی قرار دیا ہے متاثرہ ملازمین کا کہنا ہے کہ اس قسم کی کارروائی نے نہ صرف ان کے حوصلے پست کیے ہیں بلکہ واپڈا کی بل ریکوری کے نظام کو بھی سنگین خطرے میں ڈال دیا ہے، خاص طور پر ان دنوں میں جب ریکوری کی رفتار تیز کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ اقدام نہ صرف ملازمین کے ساتھ زیادتی ہے بلکہ عوامی مفاد کے بھی سراسر خلاف ہے مزدوروں اور نچلے درجے کے ملازمین نے الزام عائد کیا ہے کہ ہائیڈرو یونین کے کچھ لیڈر اور افسران اس ساری صورتحال میں خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں یا ممکنہ طور پر انتظامیہ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، جبکہ اصل محنت کش طبقہ مسلسل دباؤ اور ناانصافی کا شکار ہو رہا ہے ملازمین نے مطالبہ کیا ہے کہ واپڈا، سیپکو اور وزارت توانائی کے اعلیٰ حکام فوری طور پر اس اقدام کا نوٹس لیں، قانونی حیثیت کی چھان بین کریں، اور اگر ثابت ہو جائے کہ تبادلے بلاجواز یا ذاتی مفاد پر مبنی تھے تو ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے عوامی اور ادارہ جاتی مفاد کے تحفظ کے لیے شفاف تحقیقات وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔

بقیہ نمبر.........44

سطح کے دورے، تجارتی و اقتصادی تعاون، عوامی روابط، ثقافتی تبادلے، تعلیم اور استعداد کار میں اضافے کے منصوبے اور انسانی ہمدردی سے متعلق امور شامل تھے۔اس موقع پر علاقائی اور عالمی امور پر بھی گفتگو ہوئی جن میں سارک کی بحالی، فلسطین کے مسئلے اور روہنگیا بحران کے حل جیسے موضوعات زیر بحث آئے۔بات چیت تعمیری ماحول میں ہوئی جو دونوں ممالک کے درمیان موجود خیر سگالی اور دوستانہ تعلقات کی عکاسی کرتی ہے، فریقین نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا، بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ نے ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا۔قبل ازیں، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحٰق ڈار نے بنگلہ دیش کے مشیر تجارت شیخ بشیر الدین سے ناشتہ پر ملاقات کی تھی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان بھی اس ملاقات میں شریک ہوئے۔دونوں جانب سے اقتصادی و تجارتی تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر گفتگو ہوئی، تجارت میں اضافے اور رابطہ کاری کے فروغ پر خصوصی زور دیا گیا۔اس سے قبل نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے ڈھاکا میں پاکستان کے ہائی کمشنر عمران حیدر کی جانب اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ میں شرکت کی۔اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات سے ملاقات کی جن میں بنگلہ دیشی حکومت کے مشیران، بیوروکریٹس، سیاسی جماعتوں کی قیادت، وائس چانسلرز، دانشور اور تھنک ٹینکس کے ارکان، کھلاڑی، فنکار، صحافی، ریٹائرڈ جرنیل اور دیگر شامل تھے

بقیہ نمبر.........45

پلانٹس کے منصوبے جلد مکمل کیے جائیں گے۔جنید انوار چوہدری کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے مون سون بارشیں غیر یقینی ہو گئی ہیں، بارش کا گندا پانی سمندر کو آلودہ کر رہا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ سمندری آلودگی شہریوں اور ماحولیاتی نظام کے لیے خطرہ ہے، پلاسٹک، تیل اور کیمیائی اجزاء سمندری غذا کو آلودہ کر رہے ہیں۔جنید انوار چوہدری نے مزید کہا کہ ماہی گیر برادری کے روزگار کو شدید خطرات لاحق ہیں، ماحولیاتی تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

بقیہ نمبر.........46

شریک ہوئے۔گورنر بنگلا دیش بینک، ایگزیکٹو چیئرمین بنگلا دیش انویسٹمنٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی، چیئرمین ٹریڈنگ کارپوریشن، چیئرمین سول ایوی ایشن اتھارٹی اور ایکٹنگ وائس چیئرمین ایکسپورٹ پروموشن بیورو شریک ہوئے۔بنگلا دیش کے سیکریٹریز کامرس و ایوی ایشن، چیئرمین نیشنل بورڈ آف ریونیو بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر.........47

شریف سے ملاقات میں تمام گلے شکوے دور کر کے چیمہ برادران اور عطا تارڑ بغل گیر ہو گئے۔اس حلقے میں محمد احمد چٹھہ نے 8 فروری 2024 کو ہونے والے جنرل انتخابات میں آزاد مگر پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ رکن کی حیثیت سے کامیابی حاصل کی، الیکشن کمیشن نے محمد احمد چٹھہ کو 9 مئی کیسز میں سزا یافتہ ہونے کی بنیاد پر اسمبلی کی رکنیت سے معزول کر دیا جس کے نتیجے میں NA-66 کی نشست خالی ہوگئی اور بائی الیکشن کا اعلان کیا گیا۔الیکشن کمیشن کی جانب سے بائی الیکشن 18 ستمبر 2025 کو NA-66 کے لیے شیڈول کیا گیا ہے، پی ایم ایل این نے اس نشست کیلئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے بھائی بلال فاروق تارڑ کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا ہے جبکہ نثار احمد چیمہ کو اس مرتبہ نظرانداز کیا گیا۔تارڑ خاندان اس مرتبہ سیاسی پیچ میں اہم اُمیدوار کے طور پر سامنے آیا ہے جس سے چیمہ خاندان کو چیلنج کا سامنا ہے کیونکہ یہ نشست 2008 سے چیمہ خاندان کی مضبوط گرفت میں رہی ہے، پی ٹی آئی کی جانب سے فی الحال واضح موقف سامنے نہیں آیا لیکن احمد چٹھہ کی اہلیہ کے کاغذات جمع ہیں۔این اے 66 میں سیاسی ماحول کافی متحرک ہے، طویل عرصے سے اس حلقے پر چھائے چیمہ خاندان کو ٹکٹ نہ ملنے سے اندرونی محاذ پر ہلچل مچائی ہے، چیمہ برادران نے اس بات کا عندیہ دیا ہے کہ وہ بلال تارڑ کی حمایت کریں گے لیکن اس کے باوجود زور لگانا پڑے گا تاکہ حامد ناصر چٹھہ کا مقابلہ کر سکیں۔یہ بہت کانٹے دار مقابلہ ہوگا جس میں چٹھہ برادری آرائیں برادری اہم کردار ادا کریگی تا ہم نون لیگ کے لیے امتحان ہوگا، علاقے میں پی ٹی آئی کی کوئی ایسی کمپین نہیں ہے مگر کہا جا رہا ہے کہ خاموش ووٹر اپنا فیصلہ کن کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر.........48

باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی جبکہ گھروں اور عمارتوں کی چھتوں پر نصب سولر پینل بھی اڑ گئے۔پیسکو کے مطابق آندھی کے باعث بجلی کی ترسیل کا نظام درہم برہم ہو گیا اور ٹانک، جنوبی وزیرستان، کلاچی اور ڈیرہ اسمٰعیل خان کو بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی۔

بقیہ نمبر.........49

فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب بار کونسل کے انتخابات کے سلسلہ میں اہم اجلاس 26 اگست کو ہوگا جس کی صدارت ریٹرننگ آفیسر ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے مختلف اضلاع کے بارز کے عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چودھری محمد اشفاق کھوٹ نے کہا کہ وکلاء کے خلاف درج جھوٹی ایف آئی آرز ختم کرنے کیلئے 18 اگست کو ماتحت عدالتوں میں ہڑتال کی گئی لیکن حکومت اس پر ٹس سے مس نہیں ہوئی۔اگلے مرحلے میں ہڑتال اور احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے کیلئے تمام ہائیکورٹس بار اور تمام ڈسٹرکٹس بارز کے عہدیداروں کا اجلاس طلب کیا جا رہا ہے جس میں ملک گیر احتجاج کے لئے حکمت عملی مرتب کی جائے گی۔

بقیہ نمبر.........50

چھاؤنی رومان اقبال کے مطابق مقتول کے بھائی پرنس کی مدعیت میں نامزد ملزم عاشر، چرچ، بلو وغیرہ اور 03 نامعلوم کے خلاف فوری مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دے کر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر.........51

خاص طور پر پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کا مشترکہ وژن پیچیدہ سیاسی مسائل کو حل کرنے میں موثر رہا ہے۔انہوں نے زور دیا کہ اجتماعی نقطہ نظر قومی خدشات کو دور کرنے اور جاری سیاسی تعطل پر قابو پانے کے لیے انتہائی اہم ہے۔قیصر احمد شیخ نے پی ٹی آئی پر زور دیا کہ متحدہ وژن کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔انہوں نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ قوم کی عظیم تر بھلائی کے لیے بات چیت اور تعاون کو ترجیح دیں۔ایک سوال کے جواب میں قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پی پی پی نے پہلے پی ٹی آئی کو تعاون کی تجویز دی تھی لیکن اب پی ٹی آئی کے انا پرستی ردعمل کی وجہ سے اس پیشکش پر افسوس ہے، پی ٹی آئی کا رویہ جمہوری اصولوں سے متصادم ہے۔

بقیہ نمبر.........52

نے کہا کہ دو روز قبل صدر زرداری نے بحریہ ٹاؤن میں ایک خاندان سے ملاقات کا پروگرام بنایا تھا۔وہ، وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر کے ہمراہ ایوان صدر سے بحریہ ٹاؤن کی طرف روانہ ہوئے، قافلہ کورال چوک عبور کرنے کے بعد ایکسپریس وے پر وی وی آئی پی روٹ سے ہٹ گیا، حالاں کہ سیکیورٹی انتظامات اور وی وی آئی پی راستہ پہلے سے متعین تھا، بحریہ ٹاؤن کی طرف مڑنے کے بجائے قافلہ سیکیورٹی حصار اور وی وی آئی پی روٹ سے آگے نکل گیا۔نتیجتاً وی وی آئی پی قافلہ آدھے گھنٹے سے زیادہ ٹریفک میں پھنسا رہا۔وزیر داخلہ اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں نے وی وی آئی پی روٹ اور سیکیورٹی سے متعلق ناقص نگرانی اور انتظامات پر شدید تشویش ظاہر کی تھی۔اس کے نتیجے میں ذیشان حیدر کو دونوں عہدوں سے ہٹا کر مزید احکامات تک سینٹرل پولیس آفس اسلام آباد بھیج دیا گیا۔گریڈ 19 کے پولیس افسر ریٹائرڈ اسکواڈرن لیڈر عبدالحق کو ایس ایس پی سیکیورٹی کا اضافی چارج دیا گیا ہے، جب کہ گریڈ 18 کی افسر پری گل ترین کو ایس ایس پی ٹریف پولیس کا اضافی چارج سونپا گیا ہے۔

بقیہ نمبر.........53

میاں محمد ٹیچنگ اسپتال میں جاری ہے۔زخمیوں میں 3 افراد کی حالت تشویشناک ہے، جو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال میں زیر علاج ہیں جبکہ 18 زخمیوں کو مشاہدے کے لیے مختلف اسپتالوں میں داخل کیا گیا ہے، حادثات میں معمولی زخمی ہونے والے 26 افراد کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔اب تک تحصیل کلاچی، درازندہ، پاروہ اور درابن سے کوئی ہلاکت یا زخمی کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان عبدالناصر خان، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) ڈیرہ اور اسسٹنٹ کمشنر سید ارسلان نے دیر رات تک اسپتالوں کا دورہ کیا۔

بقیہ نمبر.........54

اور ریسکیو آپریشنز کی نگرانی کے ساتھ ساتھ زخمیوں کی عیادت کی۔انہوں نے متاثرین کے لیے فوری طبی امداد اور سہولیات کو یقینی بنانے کے لیے اسپتال انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کیا۔ضلعی انتظامیہ صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں ریسکیو آپریشنز کو مزید تیز کر دیا گیا ہے، اور زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔عوام سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ حکام سے فوری رابطہ کریں ۔طوفان کے باعث درخت جڑوں سے اکھڑ کر سڑکوں پر گر گئے، جس سے ٹریفک متاثر ہوگئی جبکہ گھروں اور عمارتوں پر نصب سولر پینلز بھی ٹوٹ کر گر گئے۔شدید ہواؤں کے باعث بجلی کی فراہمی متاثر ہونے سے ضلع تاریکی میں ڈوب گیا۔وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے مختلف حادثات میں آٹھ افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف اور امداد کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں، ان حادثات کے زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ متاثرین کے نقصانات کے ازالے اور ان کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، صوبائی حکومت متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی بھرپور معاونت کرے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں، متاثرین کی امداد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔
وزیراعلیٰ نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں، متاثرین کی امداد کے لیے تمام وسائل بروئے کار

Munir Ahmed Dar "Publisher & Chief Editor" Weekly "Layalpur Post" Canada, 418 Coxwell Ave, Toronto Ontario Canada M4L3B7
Canada: Cell: 416-731-3739: 437-237-1014, Email: layalpurpost@gmail.com, munirdar41@gmail.com, munirdar41@yahoo.com

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
Rg.No. 1546653-9
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 2 | منگل، 26 اگست 2025ء، یکم ربیع الاول 1447ھ، 11 بھادوں 2081ب م | شمارہ نمبر 44

فیلڈ مارشل کاروباری برادری کے لیے امید اور اعتماد کی کرن

تحریر۔۔۔۔عبدالباسط علوی

فیلڈ مارشل کی کوششیں خاص طور پر ان شعبوں میں متاثر کن ثابت ہوئی ہیں جو روایتی طور پر نمایاں غیر یقینی صورتحال کا شکار رہے ہیں، جیسے کہ پیچیدہ معدنیات نکالنا، اہم توانائی کا بنیادی ڈھانچہ، بنیادی زراعت اور متحرک انفارمیشن ٹیکنالوجی۔ ان شعبوں میں سرمایہ کاروں کو پہلے مسلسل دیرپا سلامتی کے خدشات، وسیع ریگولیٹری ابہام اور مایوس کن پالیسی کی عدم مطابقت نے روکا تھا۔ ان کی فیصلہ کن قیادت نے بلوچستان اور گلگت بلتستان میں حکمت عملی کے لحاظ سے معدنیات سے مالا مال علاقوں کو محفوظ بنانے میں براہ راست حصہ ڈالا ہے، فوجی تحفظ کے ذریعے کان کنی کے آپریشنز کی حفاظت کو محتاط طور پر یقینی بنایا ہے اور قابل احترام غیر ملکی فرموں کے ساتھ بین الاقوامی شراکت داری کو فعال طور پر فروغ دیا ہے، اس طرح سرمایہ کاری اور صنعتی توسیع دونوں کے لیے انتہائی منفعت بخش راستے کھولے ہیں۔ مضبوط سلامتی کے مقاصد کی اہم اقتصادی اہداف کے ساتھ اس واضح اور دانستہ ہم آہنگی نے سمجھے جانے والے خطرات کو نمایاں طور پر کم کیا ہے اور ایک ایسا ماحول محتاط طریقے سے تیار کیا ہے جہاں کاروباری اب حقیقی طور پر یہ یقین رکھتے ہیں کہ ان کے قیمتی اثاثے اور اہم آپریشنز جامع طور پر محفوظ ہیں۔

کاروباری برادری کو بھی غیر قانونی تجارت، بڑے پیمانے پر اسمگلنگ اور وسیع پیمانے پر بجلی کی چوری پر ان کے فیصلہ کن اور مؤثر کریک ڈاؤن سے گہرا فائدہ پہنچا ہے جو ایسی نقصان دہ سرگرمیاں ہیں جنہوں نے تاریخی طور پر بازاروں کو مسخ کیا، مصنوعی طور پر لاگت میں اضافہ کیا اور جائز کاروبار کو شدید طور پر کمزور کیا۔ ان کی براہ راست ہدایات پر فوجی اور شہری ایجنسیوں کو شامل کرنے والے محتاط ہم آہنگی کے ساتھ آپریشنز نے کرنسی، ضروری پٹرولیم اور دیگر اہم اشیاء میں ڈیل کرنے والے ناپاک بلیک مارکیٹ نیٹ ورکس کو کامیابی سے ختم کیا ہے، جس سے مارکیٹ میں نمایاں استحکام، سپلائی چین میں نمایاں بہتری اور افراط زر کے دباؤ میں کافی کمی آئی ہے۔ ان مربوط کوششوں نے جائز کاروباروں کو مضبوطی سے یقین دلایا ہے کہ میدان تیزی سے برابر ہو رہا ہے اور غیر قانونی اداکار اب منصفانہ مقابلے کو کمزور نہیں کر سکتے یا رسمی معیشت پر ناجائز بوجھ نہیں ڈال سکتے۔

مزید برآں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کے اقتصادی سفارت کاری کے لیے تزویراتی نقطہ نظر نے پاکستان کو سرمایہ کاری اور منافع بخش مشترکہ منصوبوں کے لیے ایک قابل عمل، پرکشش اور حقیقی معنوں میں امید افزا منزل کے طور پر پیش کر کے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مثبت طور پر تقویت دی ہے۔ کلیدی خلیجی ریاستوں اور بااثر مغربی ممالک کے لیے ان کے اعلیٰ سطحی دورے اربوں ڈالر کے سرمایہ کاری کے وعدوں کو حاصل کرنے اور اہم شراکت داریاں قائم کرنے میں اہم رہے ہیں جو خاص طور پر بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو تیز کرنے، اہم توانائی کے منصوبوں کو آگے بڑھانے اور تکنیکی جدت طرازی کو فروغ دینے کے لیے ہیں۔ عالمی کاروباری رہنماؤں اور متحرک ڈائیسپورا کاروباریوں کے ساتھ ذاتی طور پر مشغول ہو کر انہوں نے پاکستان کو جامع اصلاحات، دیرپا استحکام اور مضبوط ترقی کی راہ پر گامزن ایک قوم کے طور پر ایک زبردست داستان کو مؤثر طریقے سے مضبوط کیا ہے اور اس طرح اہم اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے نئے سرے سے دلچسپی اور غیر متزلزل عزم کو متحرک کیا ہے۔ ان کی محتاط نگرانی میں بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں فوج کی فعال شمولیت، خاص طور پر زراعت اور لاجسٹکس کے اہم شعبوں میں، نے نجی شعبے کے اعتماد کو مزید مضبوط کیا ہے۔ یہ پیچیدہ منصوبوں کو قابل ذکر کارکردگی اور مکمل شفافیت کے ساتھ انجام دینے کی بے مثال صلاحیت کو واضح طور پر ظاہر کر کے حاصل کیا گیا ہے اور مؤثر طریقے سے اس اہم خلاء کو پر کیا گیا ہے جس نے طویل عرصے سے گھریلو اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور کاروباروں کو مایوس کیا تھا۔

فیلڈ مارشل کے اقتصادی نظام کے اندر ڈیجیٹلائزیشن، شفافیت اور سخت احتساب پر غیر متزلزل زور کو سمجھدار کاروباری برادری نے جوش و خروش سے خوش آمدید کہا ہے۔ وہ ان گہری اصلاحات کو وسیع پیمانے پر بدعنوانی کو نمایاں طور پر کم کرنے، سست عمل کو تیز کرنے اور کاروبار کے لیے واقعی ایک موزوں ماحول پیدا کرنے کے لیے انتہائی اہم سمجھتے ہیں۔ میرٹ پر مبنی تقرریوں، کارکردگی کے سخت جائزوں اور ہموار ریگولیٹری فریم ورک پر ان کا پختہ اصرار لائسنسنگ، ٹیکس انتظامیہ، کسٹم کلیئرنس اور موثر تنازعات کے حل جیسی ضروری خدمات کی فراہمی میں قابل فہم بہتری میں واضح طور پر معاون ثابت ہوا ہے۔ حکمرانی میں اس تبدیلی لانے والی حکمتِ عملی نے غیر یقینی صورتحال کو نمایاں طور پر کم کیا ہے اور کاروبار کے کام کرنے، سرمایہ کاری کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کے لیے محتاط طور پر منصوبہ بندی کرنے میں آسانی کو نمایاں طور پر بہتر کیا ہے۔

شاید فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کاروباری برادری کے ساتھ تبدیلی لانے والے تعلقات کا ایک سب سے گہرا اور اہم پہلو امید کی نمایاں بحالی اور بڑھتی ہوئی روشن خیالی ہے، ایک ایسے سیاق و سباق میں جہاں اقتصادی داستانیں طویل عرصے سے مسلسل بحران، عدم استحکام اور نہ ختم ہونے والی سیاسی کشمکش سے بری طرح متاثر تھیں۔ نجی شعبے کے لیے ان کے مسلسل حمایتی پیغام، بدعنوانی کے خلاف دکھائی دینے والے فیصلہ کن اقدامات اور قومی اقتصادی ترجیحات کے لیے غیر متزلزل عزم کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر، نے وسیع پیمانے پر کاروباری اور سرمایہ کاروں کے جذبات کو گہرائی سے دوبارہ زندہ کیا ہے۔ فوجی اتھارٹی اور شہری اقتصادی اداکاروں کے درمیان دیرینہ خلاء کو حکمت عملی کے ساتھ پر کر کے انہوں نے گہرے باہمی اعتماد، مشترکہ مجموعی مقاصد اور قومی ترقی کے لیے ایک اجتماعی عزم پر مبنی ایک نیا اور ضروری سماجی معاہدہ محتاط طریقے سے تشکیل دیا ہے۔

جنرل ہیڈکوارٹرز (GHQ) میں معروف کاروباری شخصیات کے ایک وفد کے ساتھ حال ہی میں ایک اہم ملاقات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان کی معیشت کو جامع طور پر بحال کرنے اور خاطر خواہ طور پر مضبوط بنانے کی اپنی انتھک کوششوں میں کاروباری برادری کے لیے اپنی مکمل اور غیر متزلزل حمایت کا غیر مبہم طور پر وعدہ کیا۔ ممتاز وفد، جس کی قیادت گوہر اعجاز کر رہے تھے اور جس میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے صدر عاطف اکرام شیخ، آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (APTMA) کے بااثر نمائندے شامل تھے، نے صنعتی شعبے کو درپیش دباؤ والے چیلنجوں کا ایک تفصیلی اور بصیرت انگیز جائزہ پیش کیا۔ ان کی توجہ خاص طور پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کے وسیع اختیارات اور سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 37A اور 37B کے تحت متنازعہ دفعات پر تھی، جو اہم کاروباری شخصیات کی گرفتاری اور حراست کی اجازت دیتی ہیں۔ FPCCI کے صدر نے آرمی چیف کا ان متنازعہ دفعات کے نفاذ کو روکنے کے ان کے فیصلہ کن ہدایت کے لیے گہرا شکریہ ادا کیا اور FBR اور وسیع کاروباری برادری کے درمیان جاری تنازعات کو تیزی سے حل کرنے کے لیے ایک تعمیری اور باہمی مکالمے کی اہم ضرورت پر خلوص سے زور دیا۔ وفد نے حکومت اور خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کی معیشت کو کامیابی سے مستحکم کرنے کی تندہی سے کی گئی کوششوں کے لیے بھی تعریف کی۔ مزید برآں، FPCCI کے چیف نے پرجوش انداز میں شرح سود کو مروجہ مہنگائی کے مطابق مناسب طور پر کم کرنے کا مطالبہ کیا تاکہ کاروباری ترقی کو مضبوطی سے سپورٹ کیا جا سکے اور ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم (EFS) میں اہم ترامیم کی فوری اطلاع کے لیے، خاص طور پر کپاس، سوت اور گرے فیبرک کو اسکیم سے دانستہ طور پر خارج کرنے، نیز ان کی اہم درآمدات پر 18٪ سیلز ٹیکس کے منصفانہ نفاذ کا ذکر بھی ہوا۔ وفد نے مسلسل بڑھتی ہوئی بجلی کی قیمتوں کے بارے میں بھی جائز تشویشات اٹھائیں، جو بدقسمتی سے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان دونوں پر نمایاں طور پر بوجھ ڈالتی ہیں۔ FPCCI نے فیلڈ مارشل منیر کی صنعتی اور برآمدی شعبوں کے لیے خاص طور پر زیادہ مسابقتی بجلی کے نرخوں کو محفوظ بنانے کی قابل تعریف کوششوں کو واضح طور پر تسلیم کیا۔ APTMA نے ایک سرکاری بیان میں فیلڈ مارشل کے کاروباری برادری اور صنعت کے ساتھ گہرائی سے مشغول ہونے کے مثالی عزم کی بے حد تعریف کی، جس نے کاروباروں اور پاکستان کے عوام کو درپیش اقتصادی مسائل کے لیے گہرے صبر اور حقیقی تشویش کا مظاہرہ کیا۔ اہم ملاقات، جو متاثر کن طور پر تقریباً چار گھنٹے تک جاری رہی، کا ماہرانہ انتظام اور سہولت وزیر داخلہ نے کی۔ وفد نے اجتماعی طور پر غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کیا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بصیرت انگیز قیادت میں پاکستان اپنی بے پناہ اقتصادی صلاحیت کو فیصلہ کن طور پر کھولے گا، سرمایہ کاروں کا اعتماد مکمل طور پر بحال کرے گا اور بالآخر پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی حاصل کرے گا۔

مکافات کی چکی

وہ گھر روشنیوں سے بھرا ہوا تھا۔ نیچے رشید اور حمید اپنے بیوی بچوں کے ساتھ، اوپر جاوید اور سعید اپنے حصے میں۔ ماں حلیمہ بی بی ہر وقت اوپر نیچے گھومتی رہتیں۔ بچے صحن میں ہنستے کھیلتے، بہوئیں باتوں میں محو رہتیں، شام کو سب ساتھ کھانے پر جمع ہوتے۔ یہ مکان محبت کی جنت لگتا تھا۔ رشید کی بیٹی مریم سب کی لاڈلی تھی۔ گورا رنگ، بڑی آنکھیں اور معصوم مسکراہٹ۔ دادی اکثر اسے گود میں بٹھا کر کہتیں: میری شہزادی، یہ گھر تیرے قدموں سے آباد ہے۔ وقت گزرا۔ مریم جوان ہوئی تو سب نے فیصلہ کیا کہ اس کی شادی اپنے چچا زاد فیضان سے ہوگی۔ مہندی کی رات آئی، صحن میں گیت گونج رہے تھے، لڑکیاں ناچ رہی تھیں، چوڑیاں چھنک رہی تھیں۔

غزہ میں انسانیت کا قتل عام اور عالمی ضمیر کی موت



کالم نگار۔۔۔منیر احمد ڈار
پبلشر اینڈ چیف ایڈیٹر
لائلپور رپورٹ ’پاکستان‘ کینیڈا

غزہ میں ایک ہسپتال پر اسرائیلی حملے کی خبر نے پوری دنیا کو ایک بار پھر صدمے میں مبتلا کر دیا ہے۔ یہ صرف ایک حملہ نہیں بلکہ انسانیت کی تمام اخلاقی اور قانونی حدود کی پامالی کا کھلا ثبوت ہے۔ یہ حملہ اس وقت ہوا جب غزہ شہر پر ایک بڑے اسرائیلی زمینی حملے کا خطرہ منڈلا رہا ہے، اور اس نے پہلے سے ہی تباہ حال فلسطینیوں کی زندگیوں میں مزید خوف اور بے یقینی پیدا کر دی ہے۔

ہسپتالوں کو نشانہ بنانا:

ایک ناقابل معافی جرم

کسی بھی جنگ میں ہسپتال، ایمبولینس اور طبی عملہ بین الاقوامی قوانین کے تحت محفوظ پناہ گاہیں اور ادارے سمجھے جاتے ہیں۔ یہ وہ جگہیں ہیں جہاں جنگ سے متاثرہ افراد، بیمار اور زخمی پناہ لیتے ہیں۔ غزہ کے ہسپتالوں کو نشانہ بنانا نہ صرف بین الاقوامی جنگی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ ایک سفاکانہ فعل بھی ہے۔ اس حملے میں آٹھ افراد کی ہلاکت، جن میں چار صحافی بھی شامل ہیں، اس بات کا ثبوت ہے کہ اب کسی بھی جگہ کوئی بھی شخص محفوظ نہیں رہا۔ ہسپتال کو نشانہ بنانے کا مقصد طبی امداد کو روکنا اور بے گناہ شہریوں کو مزید تکلیف پہنچانا ہے، جو کہ واضح طور پر جنگی جرم ہے۔

صحافیوں پر حملہ: سچائی کا گلا گھونٹنا

صحافی جنگ زدہ علاقوں میں اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر کام کرتے ہیں تاکہ دنیا کو حقیقت سے آگاہ کر سکیں۔ وہ جنگ کی سفاکیت، بے گناہوں کے دکھ اور ظلم کی داستانیں بیان کرتے ہیں۔ غزہ میں چار صحافیوں کی شہادت آزادی اظہار رائے پر ایک حملہ ہے۔ یہ ایک ایسی کوشش ہے جس کا مقصد سچائی کی آواز کو دبانا ہے تاکہ اسرائیل کے مظالم کی داستانیں دنیا تک نہ پہنچ سکیں۔ صحافیوں کا قتل ان تمام انسانی اقدار کی توہین ہے جن پر مہذب معاشرے کی بنیاد ہے۔

عالمی برادری کی خاموشی اور دہرا معیار

غزہ میں جاری اس ظلم پر اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی تنظیمیں اور عالمی طاقتوں کی خاموشی انتہائی افسوسناک ہے۔ امریکہ اور اس کے اتحادی، جو اکثر دنیا میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر آواز اٹھاتے ہیں، اس معاملے میں واضح طور پر دوہرا معیار اپنا رہے ہیں۔ ان کی خاموشی اور اسرائیل کی غیر مشروط حمایت اس جارحیت کو مزید عالمی برادری کا ردعمل اس سے کہیں زیادہ بڑھاوا دے رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال کسی اور ملک میں ہوتی تو یقیناً عالمی برادری کا ردعمل اس سے کہیں زیادہ شدید ہوتا۔ یہ خاموشی دراصل غزہ کے مظلوموں کو مزید تنہا کر رہی ہے اور عالمی ضمیر کی موت کی علامت ہے۔

کینیڈا کا کردار اور ہماری ذمہ داری

کینیڈا میں مقیم ہونے کے ناطے، ہم امن، انصاف اور انسانیت کی اقدار پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم کینیڈا کی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ غزہ میں جاری اس ظلم کی بھرپور مذمت کرے۔ اسے صرف مذمتی بیان جاری نہیں کرنا چاہیے بلکہ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر دباؤ ڈالنا چاہیے کہ وہ فوری طور پر جنگ بندی کا اعلان کریں۔ ہسپتالوں پر حملے اور بے گناہ شہریوں کی شہادتیں کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ یہ وقت ہے کہ ہم سب اپنے سیاسی اور اقتصادی مفادات کو ایک طرف رکھ کر انسانیت کا ساتھ دیں۔ غزہ کے مظلوم عوام کو ہماری آواز کی ضرورت ہے اور ہم اس آواز کو بلند کرتے رہیں گے۔

پاکستان قدرتی آفات کی زد میں

پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو صرف ڈنگ ٹپاؤ پالیسیوں کے سہارے چل رہا ہے ڈنگ ٹپاؤ نے ملک کو اس حالت پر پہنچا دیا ہے کہ کچھ مصیبتیں ہم نے خود پیدا کی ہیں کچھ مصیبتیں ہمارے حکمرانوں کے طفیل ہیں اور کچھ مصیبتوں کا نزول خدا کی طرف سے آتا ہے جس ملک میں غربت، بھوک کے ڈیرے ہو جس ملک میں غیر ملکی قرضہ ملک کے لئے وبال جان بنا ہوا ہے اس ملک میں زندہ رہنما ہی غنیمت ہے ہم نے 78 سال سے دعوے کچھ کئے عمل کچھ کیا گیا نتیجہ آپ کے سامنے ہے ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ قدرتی آفات کا رخ بھی پاکستان کی طرف ہی رہا ہے شاید ہمارے اعمال کا نتیجہ ہے آج کل ملک قدرتی آفات کی زد میں آیا ہوا ہے جب بھی کوئی قدرتی آفات ہمارے سر پر پڑتی ہے ہم پرانی فلم نئے ہدایت کار کے ذریعے پیش کر دیتے ہیں قدرتی آفت عوام پر پڑتی ہے ہمارے حکمران مانگنے کے لئے بیرون ملک کی طرف دوڑتے ہیں یہ حقیقت ہے کہ 2010ء سے لیکر ملک قدرتی آفات کی زد میں ہے نہ ہی ہم نے قدرتی آفات سے نمٹنے کا کوئی کام کیا ہو پھر 2022ء میں ہولناک سیلاب آیا دیکھتے ہی دیکھتے پانی طوفان نوح کی شکل اختیار کر گیا۔ 1739 افراد سیلاب کی نذر ہو گئے سوا تین کروڑ سے زائد افراد متاثر ہوئے عالمی ادارے ہمیں جھنجوڑ رہے ہیں کہ ابھی وقت ہے کچھ کر لو مگر ہمارے ہمارے حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ورلڈ بنک کے مطابق اگر پاکستان نے سنجیدہ اصلاحات نہ کی تو 2050ء تک ملک کی معیشت کا 20 فیصد قدرتی آفات کھا جائیں گی پھر ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں کی زد میں پاکستان ٹاپ فائیو میں شامل ہے چین، نیدرلینڈ، امریکا، جنوبی کوریا اور بنگلہ دیش نے قدرتی آفات کے خلاف منصوبہ بندی کی ان ممالک میں نقصان کم سے کم ہوتا ہے یہ حقیقت ہے کہ ہم قدرتی آفت آنے کے بعد سوچتے ہیں ہم دعوی کرتے ہیں مگر عمل کرنے سے قاصر ہیں شاید اس کی وجہ ملکی معیشت اور ملکی حالات ہیں خیبر پختونخواہ پہلے ہی قدرتی آفت دہشت گردوں کی لپیٹ میں تھا اوپر سے پانی نے قیامت صغری برپا کر دی بونیر، شانگلہ، مانسہرہ، باجوڑ، صوابی سوات اور کراچی میں کلاؤڈ برسٹ نے ساڑھے چھ سو افراد کو موت کی وادی میں پہنچا دیا خوش کن بات یہ ہے کہ کے پی میں صوبائی، وفاقی حکومتیں اور پاک فوج مشترکہ سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کر رہی ہیں ہم ماحولیاتی آلودگی کا ڈھونڈورا تو پیٹتے ہیں عرصہ بیس سال سے موسمی تغیرات پر میرے کالمز اخبارات کی زینت بنتے رہے ہیں ہم نے نہ ہی ندی نالوں کو توسیع دی نہ ہی ہم موسمی تغیرات پر تحقیق کی نہ ہی ہم نے جدید ٹیکنالوجی کو اپنایا نہ ہی ہم نے بارشوں کے پانی کو ذخیرہ کیا نہ ہی ملک میں درخت لگا سکے صورتحال یہ ہے کہ پورا ملک سنگین ماحولیاتی خطرات کی زد میں ہے جنگلات سکڑ کر بستیوں میں تبدیل ہو رہے ہیں پھر حکومت کی بے حسی ماحولیاتی آلودگی کے خلاف جی ڈی پی صرف 0.2 فیصد مختص کیا ہوا ہے اوپر سے اجتماعی کاموں کو تعصب کی آگ میں جھونک دیتے ہیں ملک میں شجر کاری اور ڈیم سازی کی اشد ضرورت ہے ورنہ قدرتی آفات ہمارا کچھ نہیں چھوڑیں گی۔

SHOWBIZ شوبز

انڈسٹری میں قدم جماتے زائد وزن کے سبب دباؤ کا سامنا رہا

میری یہی کوشش رہی ہے کہ میں اپنے ساتھ حقیقت پسند رہوں، درفشاں سلیم

کراچی (این این آئی) اداکارہ درِفشاں سلیم نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں قدم جماتے ہوئے مجھے کئی بار زائد وزن کے سبب دباؤ کا سامنا رہا، مجھے 10 کلو وزن کم کرنے کا کہا گیا تھا۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ میری شروعات سے یہی کوشش رہی ہے کہ میں اپنے ساتھ حقیقت پسند رہوں، ہمیں جسمانی طور پر فٹ رہنے کی ضرورت ہے لیکن فٹ ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ پتلے ہونے کی ضرورت ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ میری جسامت چوڑی اور بھاری ہے اور یہ پوری زندگی ایسے ہی رہے گی، ہم زیادہ تر رومانوی ڈرامے کرتے ہیں اور اداکاری میں یہ مارجن ہوتا ہے کہ محبت تو ہر کسی سے ہو سکتی ہے، اس کیلئے کسی مخصوص جسامت یا رنگت کی ضرورت نہیں

مجھے انڈسٹری میں ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا، ژالے سرحدی

کہا گیا اگر اپنا پسندیدہ کردار کرنا ہے تو فلاں فلاں کام کرنا ہوگا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ ژالے سرحدی نے انکشاف کیا کہ شوبز انڈسٹری میں انہیں ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا۔ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ہماری انڈسٹری میں کئی کاسٹنگ کاوچ کیسز (کام کے بدلے جنسی تعلقات) سامنے آئے ہیں، مجھے بھی اس کا سامنا کرنا پڑا، تاہم میں نے اس کا جواب بھی اسی طرح شٹ اپ کال دے کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے کسی نے کہا تھا کہ اگر اپنا پسندیدہ کردار کرنا ہے تو فلاں فلاں کام کرنا ہوگا، یہ سن کر میرا دماغ خراب ہو گیا تھا، عام طور پر خواتین کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔

ڈرامے میں دانش تیمور کی ہیروئن نہ سہی ماں ہی بنادو

وہ ہر نسل کا کرش ہے، وہ میری والدہ کا بھی کرش ہے، عتیقہ اوڈھو

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے ایک بار پھر اپنی حس مزاح سے سب کو ہنسنے پر مجبور کر دیا۔ نجی ٹی وی کے ایک شو میں دانش تیمور کی وجاہت کی تعریف کرتے ہوئے عتیقہ اوڈھو نے کہا کہ وہ ہر نسل کا کرش ہے، وہ میری والدہ کا بھی کرش ہے۔ عتیقہ اوڈھو نے مذاقاً کہا کہ اگر کوئی مجھے کسی ڈرامے میں دانش کی ہیروئن ہی بنا دے، بڑی عمر کی خاتون اور جوان لڑکے کی عشق کی کہانی تو ہوتی ہیں۔ اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے کہا کہ اگر مجھے دانش کی ہیروئن نہیں بنا رہے ہیں تو مجھے دانش کی ماں ہی بنا دیں۔ گفتگو کے دوران نادیہ خان اور مرینہ خان بھی موجود تھیں، جنہوں نے عتیقہ اوڈھو کی بات پر قہقہے لگائے۔ مرینہ خان نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ اگر دانش تیمور اور عتیقہ اوڈھو کی رومانوی جوڑی ڈرامے میں دکھائی گئی تو طوفان آجائے گا۔ نادیہ خان نے کہا کہ لوگ طرح طرح کے کمنٹس کریں گے۔

فواد خان اور وانی کپور کی عبیر گلال دنیا بھر میں ریلیز کیلئے تیار

فواد خان اور وانی کپور کی اداکاری والی عبیر گلال کو دنیا بھر میں ریلیز کی نئی تاریخ مل گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سپر اسٹار فواد خان اور بھارتی اداکارہ وانی کپور کی رومانوی فلم عبیر گلال نے آخر کار دنیا بھر میں ریلیز کی ایک نئی تاریخ حاصل کر لی ہے۔ آرتی ایس باگدی کی ہدایت کاری اور وویک بی اگروال کی پروڈیوس کردہ یہ فلم 12 ستمبر 2025 سے 75 ممالک میں 1000 سے زیادہ اسکرینز پر نمائش کے لیے پیش کی جائے گی۔ یہ فلم جو ابتدائی طور پر 29 اگست کو ہونے والی تھی، بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کے باعث تعطل کا شکار ہو گئی تھی، جس کے بعد اسے بھارت میں نمائش سے روک دیا گیا تھا تاہم اب یہ فلم بھارت کے علاوہ دنیا بھر میں ریلیز ہو رہی ہے۔ فلم کے پروڈیوسرز کو اس بات کا یقین ہے کہ یہ عبیر گلال بھارت میں ریلیز کے بغیر بھی دنیا بھر سے اچھا منافع کما کر دے گی، پاکستان میں عبیر گلال 29 اگست کو ریلیز کی جائے گی جس کا مداحوں کو بے صبری سے انتظار ہے۔

گلوکار پرویز مہدی کی 20 ویں برسی 29 اگست منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکار پرویز مہدی کی 20 ویں برسی 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پرویز مہدی نے 70 کی دہائی میں اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان کیلئے گائے گئے گیت میں جانا پردیس سے شہرت کی بلندیوں کو چھوا۔ ان کا اصل نام پرویز حسن تھا جنہوں نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی شاگردی اختیار کرنے کے بعد اپنا نام پرویز مہدی رکھ لیا۔ وہ غزل کے علاوہ گیت اور فوک گانے گانے میں بھی خاص کمال اور مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے ملکہ ترنم نور جہاں کے ساتھ پہلا یادگار گانا تک چن پیا جاندا ای اس مہارت سے گایا۔

کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز کو جدید ٹیکنالوجی سے زندہ کر دیا

انیویارک (این این آئی) ہالی ووڈ نے کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز کو جدید ٹیکنالوجی سے دوبارہ زندہ کر دیا، اے آئی کے استعمال سے یہی فلم اب نئے انداز میں لاس ویگاس کے تفریحی مرکز میں پیش کی جائے گی۔ تین فٹبال اسٹیڈیمز کے برابر اور 22 منزلہ اونچا ایل ای ڈی وال ناظرین کیلئے فلم کو حقیقت جیسے ماحول میں لے جائے گا۔ 1939 کی مشہور کلاسک فلم دی وزرڈ آف اوز اب نئے انداز میں ناظرین کو اپنے سحر میں جکڑنے آ رہی ہے، لاس ویگاس کے مشہور تفریحی مرکز دی اسفیئر میں 28 اگست کو پیش کی جائے گی، لیکن یہ بات صرف اتنی نہیں۔

اداکار رضا مراد کے انتقال کی خبر وائرل، مداحوں تشویش میں مبتلا

مداحوں نے اداکار کی موت کی خبر پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، رپورٹ

ممبئی (این این آئی) سوشل میڈیا پر بھارتی اداکار رضا مراد کے انتقال کی خبر وائرل ہو رہی ہے، جس نے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق سینئر بھارتی اداکار رضا مراد کی موت سے متعلق خبر نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی ہے۔ اداکار کے اہل خانہ یا ٹیم کی جانب سے اس حوالے سے کوئی تصدیق یا تردید نہیں کی گئی، جس کی وجہ سے اس خبر کی حقیقت جاننا مشکل ہے تاہم اس سے قبل بھی اداکار کی موت کی جھوٹی خبریں وائرل ہو چکی ہیں جس کے باعث رضا مراد کے چند مداح اس خبر کو بھی جھوٹی قرار دے رہے ہیں۔

تمنا بھاٹیا کا تھوک سے کیل مہاسوں کا علاج کرنے کا دعوی

صبح اٹھ کر سب سے پہلے چہرے پر اپنا تھوک لگاتی ہوں، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارتی فلم انڈسٹری کی مشہور اداکارہ تمنا بھاٹیا نے تھوک سے کیل مہاسوں کا علاج کرنے کا دعوی کرتے ہوئے کہا ہے کہ صبح اٹھ کر سب سے پہلے چہرے پر اپنا تھوک لگاتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں تمنا بھاٹیا نے بتایا کہ صبح اٹھنے کے فوراً بعد دانت برش کرنے سے قبل، چہرے پر اپنا تھوک لگاتی ہوں تاکہ کیل مہاسے نہ نکلیں۔ اداکارہ نے کہا کہ روزانہ صبح اٹھ کر یہ عادت اپنانے سے برسوں سے ان کی جلد دانوں، کیل مہاسوں سے صاف رہی ہے۔ اداکارہ کے سوشل میڈیا پر وائرل کلپ پر کچھ افراد نے اس طریقے کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود بھی یہ گھریلو نسخہ استعمال کرتے ہیں۔

سپورٹس SPORTS

پی سی بی کا کلبز کی سکروٹنی کیلئے طریقہ کار تبدیل کرنے کا اعلان

پاکستانی کرکٹ کا معیار بہتر بنانے کیلئے اقدامات پر غور، چیئرمین پی سی بی کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے کلبز کی سکروٹنی کے لئے طریقہ کار میں ردوبدل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی زیر صدارت کی زیر صدارت پی سی بی کے بورڈ آف گورنرز کا 80 واں اجلاس ہوا جس میں پاکستانی کرکٹ کا معیار بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر غور کیا گیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں انٹرنیشنل کرکٹ میں ٹیم کی کارکردگی بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اور خواتین کرکٹ کے فروغ کیلئے گراس روٹ لیول پر اقدامات پر بریفنگ بھی دی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق ڈومیسٹک کرکٹ اور نوجوان ٹیلنٹ آگے لانے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی اور ہائی پرفارمنس سنٹرز کی اپ گریڈیشن پر بھی اجلاس کو بریف کیا گیا۔ اجلاس میں پی سی بی کے اپ ڈیٹڈ فنانشل رولز اور آڈیٹرز کے از سر نو تقرر کی منظوری دی گئی جبکہ گلوبل اینٹی کرپشن کوڈ اپنانے کے لئے طریقہ کار میں تبدیلی کو بھی منظور کر لیا گیا۔ اجلاس میں کلبز کی سکروٹنی کے لئے طریقہ کار میں ردوبدل کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

نارووال: سپورٹس کمپلیکس میں جمناسٹک کھلاڑی اپنے فن کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

لوگ باتیں ضرور کرتے ہیں مگر حقیقت برعکس ہے

بابر اور رضوان ملکی کرکٹ کا اثاثہ، شاہین آفریدی نے اختلافات کی تردید کر دی

لاہور (این این آئی) شاہین آفریدی نے ٹیم میں اختلافات کی افواہوں کو مسترد کر دیا، ان کے مطابق بابر اور رضوان ملکی کرکٹ کا اثاثہ ہیں لیکن نوجوانوں کو بھی سپورٹ کرنا چاہیے۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو انٹرویو میں شاہین آفریدی نے ٹیم میں اختلافات کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ باہر سے لوگ باتیں ضرور کرتے ہیں مگر حقیقت برعکس ہے، جیسے کسی خاندان میں معمولی باتیں ہو جاتی ہیں ویسے ہی ٹیم میں بھی ہو سکتی ہیں، البتہ ہم سب کا اصل مقصد پاکستان کے لیے کرکٹ کھیلنا اور ہم وطنوں کو خوشی دینا ہے، باقی معاملات ذاتی آراء ہیں ان کا احترام ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بابر اعظم اور محمد رضوان پاکستان کرکٹ کا اثاثہ ہیں تاہم نئے کھلاڑیوں پر اعتماد کر کے ہی ٹیم کو مستقبل کے لیے مضبوط بنایا جا سکتا ہے، اگر ہم نوجوانوں پر تنقید کے بجائے اعتماد ظاہر کریں تو یہ ہمارے لیے فائدہ مند ہوگا، یہ بھی پاکستان کے کھلاڑی ہیں۔

پاکستان، جنوبی افریقا ویمنز سیریز، میچ آفیشلز کا اعلان

سلیمہ امتیاز پہلی بار ون ڈے سیریز میں امپائرنگ کریں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان اور جنوبی افریقا کی ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا گیا ہے، جو 16 سے 22 ستمبر تک قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مطابق پاکستانی امپائر سلیمہ امتیاز پہلی مرتبہ دوطرفہ ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ سیریز میں امپائرنگ کریں گی۔ آسٹریلیا کی کلیئر پولوسیک بھی امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گی۔ سیریز کے لیے ہمیرہ فراح کو ریزرو امپائر نامزد کیا گیا ہے۔ طارق رشید آن فیلڈ امپائر کے طور پر ذمہ داریاں سنبھالیں گے جبکہ سابق ٹیسٹ کرکٹر علی نقوی کو میچ ریفری مقرر کیا گیا ہے۔

آئس ہاکی چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیت کر پاکستان نے تاریخ رقم کر دی

فائنل میں پیرو کو 1-6 سے شکست دی، وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کی مبارکباد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے امریکہ میں منعقدہ لیٹم کپ ڈویژن تھری آئس ہاکی چیمپئن شپ جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ پاکستانی ٹیم نے فائنل میں پیرو کو 1-6 سے شکست دے کر تاریخ میں پہلی بار یہ ٹائٹل اپنے نام کیا۔ وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے ثابت کیا ہے کہ اگر عزم اور محنت ہو تو دنیا کا کوئی بھی میدان ہمارے لیے ناممکن نہیں۔ یہ کامیابی پاکستان کے کھیلوں کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی خواتین کھلاڑیوں نے بھی شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے ڈویژن ٹو مقابلوں میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا، جو کہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ ٹورنامنٹ میں 17 ممالک کی 26 سے زائد ٹیموں نے حصہ لیا، مگر پاکستانی کھلاڑیوں نے پورے ایونٹ میں ناقابل شکست رہتے ہوئے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔

کراچی: نیشنل پیڈل رینکنگ کپ میں شریک کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو۔ (این این آئی فوٹو)

مصنوعی مٹھاس سے بلڈ کلاٹنگ کا خطرہ بڑھنے کا انکشاف

ایک مختصر مگر منفرد تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ آئس کریم، جیلیز، کینڈیز، ٹافیز، چیونگم اور دیگر میٹھی غذاؤں میں استعمال ہونے والی مصنوعی مٹھاس سے بلڈ کلاٹنگ (خون کا گاڑھا ہونا) کا خطرہ نمایاں طور پر بڑھ جاتا ہے۔ ماضی میں مصنوعی مٹھاس پر کی جانے والی متعدد تحقیقات میں بھی یہ بات بتائی جا چکی ہے کہ مصنوعی مٹھاس امراض قلب سمیت کینسر کے خطرات کو بھی بڑھا دیتی ہے۔ اب طبی جریدے میں شائع تحقیق کے مطابق مصنوعی مٹھاس اور خصوصی طور پر (Erythritol) ’اریتھریٹول‘ نامی مصنوعی مٹھاس یا سویٹنر بلڈ کلاٹنگ کا خطرہ بڑھا دیتا ہے۔ ماہرین نے تحقیق کے لیے 20 رضا کاروں کی خدمات حاصل کیں، جس میں سے 10 رضا کاروں کو یومیہ 30 گرام عام چینی استعمال کرنے کی ہدایت کی جب کہ دوسرے گروپ کو 30 گرام مصنوعی مٹھاس (Erythritol) ’اریتھریٹول‘ استعمال کرنے کا کہا۔ ماہرین نے مخصوص مدت کے بعد دونوں گروپوں کے رضا کاروں میں بلڈ کلاٹنگ کو جانچا اور پایا کہ محض 30 گرام مصنوعی مٹھاس سے بھی بلڈ کلاٹنگ کا خطرہ نمایاں طور پر بڑھ جاتا ہے۔ مصنوعی مٹھاس کے مقابلے عام چینی کے یومیہ 30 گرام استعمال سے بلڈ کلاٹنگ کا خطرہ نہیں بڑھا، تاہم اس کے بھی زیادہ استعمال سے بلڈ کلاٹنگ جیسے مسائل ہو سکتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق مصنوعی مٹھاس کے دوسرے کیمیکلز اور کاربان بھی بلڈ کلاٹنگ کا خطرہ بڑھا سکتے ہیں اور اس سے فالج سمیت امراض قلب کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ بلڈ کلاٹنگ کو عام طور پر خون کا گاڑھا ہونا کہتے ہیں اور جب خون گاڑھا ہوتا ہے تو بلڈ وسلز میں مسائل شروع ہوتے ہیں، جس سے امراض قلب اور فالج جیسی سنگین بیماریاں لاحق ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق شوگر فری مصنوعات میں بھی استعمال کی جانے والی مصنوعی مٹھاس صحت کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتی ہے اور اس سے بھی بلڈ کلاٹنگ ہو سکتی ہے۔

پی ایس ایل کے 10 سالوں پر پی سی بی کا ڈاکومنٹری بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 سالوں پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ڈاکومنٹری بنانیکا فیصلہ کیا ہے۔ پی ایس ایل کے 10 سالوں پر جدید عالمی معیار کی دستاویزی فلم بنائی جائیگی، یہ دستاویزی فلم پی ایس ایل کے 2016ء سے 2025ء تک کے سفر کے اتار چڑھاؤ اور کامیابیوں پر مبنی ہوگی۔ اس میں پی ایس ایل کی دبئی سے پاکستان منتقلی اور غیر ملکی کھلاڑیوں کو لانے جیسے چیلنجز پر بات ہو گی جبکہ کورونا وائرس کے دنوں میں پی ایس ایل کو درپیش چیلنجز اور ان مقابلوں کا بھی خصوصی ذکر کیا جائیگا۔ دستاویزی فلم میں پی ایس ایل دنیا کی بڑی لیگوں میں ٹاپ پر کیسے آئی اس کا سارا خلاصہ کیا جائے گا۔ پی سی بی کا ڈاکومنٹری کے لیے خواہشمند افراد اور کمپنیوں سے اگلے ہفتے پیشکش طلب کرنے کا امکان ہے۔

تجاوزات کیخلاف سی ڈی اے کا گرینڈ آپریشن جاری

شہر میں جاری تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی نگرانی چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا خود کر رہے ہیں

سی ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں بلاتفریق انسداد تجاوزات کارروائیاں عمل میں لا رہی ہیں

ٹیکسلا جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف، ٹی چوک ترامڑی، سید پور ولیج، لہتراڑ روڈ اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

جی ٹی روڈ 26 نمبر چونگی سے بجانب ٹیکسلا جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف 16 کلومیٹر طویل علاقے میں آپریشن کیا گیا

شہر کی خوبصورتی اور منظم منصوبہ بندی کیلئے غیر قانونی قابضین کے خلاف کارروائی انتہائی ضروری ہے، چیئرمین سی ڈی اے اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات پر [illegible] غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے [illegible] گرینڈ آپریشن تیزی سے جاری ہے۔ شہر میں [illegible] سی ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں [illegible] تفریق انسداد تجاوزات [illegible] چیئرمین سی ڈی اے [illegible] (بقیہ نمبر 30)

اسحاق ڈار کی بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ سے ملاقات، 6 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

دونوں ممالک کے تعلقات صدیوں پر محیط مشترکہ روایات، اسلامی ورثے، سماجی اقدار اور ادبی اظہار پر استوار ہیں

پاکستان بنگلہ دیش کے ساتھ ایک تعمیری اور مستقبل کی طرف دیکھنے والے تعلقات قائم کرنے کا خواہاں ہے، وزیر خارجہ

ڈھاکہ (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بنگلہ دیش کے دورے کے دوران مشیر خارجہ ایچ ای ایم ڈی توحید حسین سے ملاقات کی جس میں دونوں ملکوں کے درمیان 6 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کردیے گئے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری کردہ پوسٹ کے مطابق ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ڈھاکا میں بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ ایچ ای ایم ڈی توحید حسین سے تفصیلی ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جن میں اعلیٰ (بقیہ نمبر 44)

ڈھاکہ: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بنگلہ دیش کے مشیر تجارت شیخ بشیر الدین، گورنر بنگلہ دیش بنک، وزارت تجارت، سول ایوی ایشن، ٹیکسٹائل اور جیٹ کی وزارتوں کے حکام اور چیئرمین بی آئی ڈی اے اور این بی آر کے ساتھ ناشتے میں ملاقات کی۔

جماعت اسلامی کی جانب سے یوم تاسیس کے موقع پر تقریب

جماعت اسلامی ہمیشہ حق سچائی اور انصاف کی علمبردار رہی ہے، حافظ نصر اللہ

کندھ کوٹ (نامہ نگار) کندھ کوٹ: جماعت اسلامی کی جانب سے یوم تاسیس کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد جماعت اسلامی کندھ کوٹ کی جانب سے یوم تاسیس کے حوالے سے ایک پروقار اور روحانی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف سیاسی سماجی اور دینی شخصیات نے شرکت کی تقریب سے نائب امیر جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 37)

کندھ کوٹ: انٹرنیٹ کی سست رفتاری سے شہری پریشان

کاروبار، تعلیم اور روزمرہ زندگی متاثر، نجی کمپنیوں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

کشمور (نامہ نگار) ضلع کشمور/کندھ کوٹ: انٹرنیٹ کی سست رفتاری سے شہریوں کا صبر جواب دے گیا، کاروبار، تعلیم اور روزمرہ زندگی بُری طرح متاثر، ڈپٹی کمشنر سے نجی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ، ضلع کشمور کندھ کوٹ شہر میں انٹرنیٹ سروسز کی بدترین صورتحال نے شہری زندگی مفلوج کر کے رکھ دی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے اس دور میں جہاں انٹرنیٹ روزمرہ کی ضرورت بن چکا ہے، وہیں کندھ کوٹ کے شہری اس بنیادی (بقیہ نمبر 38)

رائے ونڈ: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی تبلیغی مرکز رائیونڈ کے دورہ کے موقع پر تبلیغی جماعت کے اکابرین سے ملاقات کر رہے ہیں۔

نارووال: کنگرہ کے مقام پر نالہ ڈیک میں 30 ہزار کیوسک سیلابی پانی کا ریلہ گزر رہا ہے

کراچی میں بارشوں کے بعد سمندری آلودگی میں اضافہ

وفاقی وزیر بحری امور کی ہدایت پر بندرگاہوں کی صفائی مہم شروع کر دی گئی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی ہدایت پر بندرگاہوں کی صفائی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ جنید انوار چوہدری نے اپنے بیان میں کہا کہ صرف صفائی نہیں، آلودگی کی روک تھام ضروری ہے، بحری آلودگی کی روک تھام کے لیے میرین پولیوشن کنٹرول بورڈ فعال کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج ٹریٹمنٹ (بقیہ نمبر 45)

رائے ونڈ، 30 روپے کیلئے شہری کو قتل کرنے والا پھل فروش گرفتار

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ میں تشدد سے شہری واجد کو قتل جبکہ اس کے دوسرے بھائی راشد کو شدید زخمی کرنے والے پھل فروش گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے پھل بیچنے کے دوران مبینہ طور پر 30 روپے کیلئے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ دونوں بھائیوں کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا تھا۔ انچارج انویسٹی گیشن رائیونڈ سٹی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ملزم کو گرفتار کیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے پولیس ٹیم کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا۔

اسحاق ڈار کی بنگلا دیش کے کامرس ایڈوائزر شیخ بشیر الدین سے ملاقات

ڈھاکہ (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے دورہ بنگلا دیش کے دوران دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ڈھاکا میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی اہم تجارتی ملاقات ہوئی جس میں پاکستان کے وزیر تجارت بھی شریک تھے۔ نائب وزیراعظم کی ملاقات بنگلا دیش کے کامرس ایڈوائزر شیخ بشیر الدین سے ملاقات میں اعلیٰ حکام اور بنگلا دیش کے سرکاری تجارتی اداروں کے سربراہان (بقیہ نمبر 46)

این اے 66، نثار چیمہ کے بجائے بلال تارڑ، ن لیگ کا امتحان ہوگا

نواز شریف سے چیمہ خاندان نے ملاقات میں گلے شکوے کیے تھے

وزیر آباد (این این آئی) این اے 66 وزیر آباد بڑی سیاسی جماعتوں برادریوں کا گڑھ ہے، 18 ستمبر کو حلقے میں کانٹے دار ضمنی انتخاب ہوگا، چیمہ خاندان نے گلے شکوے دور ہونے پر وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے بھائی بلال تارڑ کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ نواز شریف سے چیمہ برادران نے نثار چیمہ کی قیادت میں مری میں ملاقات کی جس کے بعد نواز شریف نے شہباز شریف سے کہا کہ ان کے گلے شکوے دور کریں، جس پر شہباز (بقیہ نمبر 47)

حادثات و واقعات میں 12 افراد جاں بحق، 50 سے زائد زخمی

طوفان کی رفتار 100 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ریکارڈ کی گئی، شدید آندھی کے باعث درخت اکھڑ کر سڑکوں پر گر گئے، چھتوں پر نصب سولر پینل بھی اڑ گئے

پانی گھروں میں داخل، آندھی کے باعث بجلی کی ترسیل کا نظام درہم برہم، ٹانک، جنوبی وزیرستان، کلاچی اور ڈیرہ اسمٰعیل خان کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی

پشاور / ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) خیبر پختونخوا میں شدید آندھی اور طوفانی بارش کے دوران حادثات و واقعات میں خواتین اور بچوں سمیت 12 افراد جاں بحق اور 50 سے زائد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ڈیرہ اسمٰعیل خان میں ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب شدید آندھی اور طوفانی بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مطابق طوفان کی رفتار 100 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ریکارڈ کی گئی، شدید آندھی کے باعث درخت اکھڑ کر سڑکوں پر گر گئے جس کے (بقیہ نمبر 48)



لاہور: سیلاب کے خطرے کے پیش نظر دریا میں جانے پر پابندی کے باعث ملاح دریائے راوی کنارے اپنی کشتی کی مرمت میں مصروف ہے

وکلاء کا ملک گیر ہڑتال کیلئے تمام بارز کا اجلاس بلانے کا فیصلہ

18 اگست کی ماتحت عدالتوں کی ہڑتال سے حکومت ٹس سے مس نہیں ہوئی

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری محمد اشفاق کھوٹ نے کہا ہے کہ وکلاء کے خلاف درج کی گئی جھوٹی ایف آئی آرز خارج نہ کرنے کے خلاف ملک گیر احتجاج اور ہڑتال کی حکمت عملی طے کرنے کیلئے تمام بارز کا اجلاس بلانے کا (بقیہ نمبر 49)

2000 روپے کے تنازعہ پر نوجوان کو قتل کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) شمالی چھاؤنی کے علاقہ میں 2000 روپے کے تنازعہ پر نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ ملزمان نے لین دین کے تنازعہ پر شہزاد مسیح کو گھر میں گھس کر چھریوں کے وار کر کے قتل کیا۔ ملزمان نے گھر میں گھس کر خواتین سے بدتمیزی بھی کی۔ ایس پی کینٹ ڈویژن قاضی علی رضا کے مطابق شمالی چھاؤنی پولیس نے مقدمہ کے مرکزی عاشر کو گرفتار کرلیا ہے۔ لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ ایس ایچ او شمالی (بقیہ نمبر 50)

جولائی میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں 78 فیصد کا اضافہ

جولائی 2025 میں مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 9 کروڑ 74 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان کی جانب سے ٹرانزٹ ٹریڈ کی آڑ میں اسمگلنگ کیخلاف اقدامات کے باوجود نئے مالی سال کے پہلے مہینے کے دوران افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں ماہانہ بنیاد پر 78 فیصد کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ گزشتہ ماہ جولائی میں سالانہ بنیاد پر مجموعی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ 3 فیصد اضافے کے بعد 10 کروڑ ڈالرز سے تجاوز کر گئی۔



لاہور: قازقستان کے سفیر برزبان کے افن کو پی سی ایم ای اے کے دورہ کے موقع پر ڈسپلے سنٹر میں ہاتھ سے تیار قالینوں کے بارے میں آگاہی دی جا رہی ہے

آگے بڑھنے کا واحد راستہ "مذاکرات" ہیں، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے پی ٹی آئی کو مذاکرات میں شامل ہونے کا مشورہ دیتے ہوئے پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کی جانب سے باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے چیلنجز سے نمٹنے کے عمل کو سراہا ہے۔ اتوار کو اپنے انٹرویو میں قیصر احمد شیخ نے پی ٹی آئی پر زور دیا کہ وہ محاذ آرائی کی بجائے ملک کے استحکام اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے بامعنی بات چیت میں حصہ لے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اتحادی جماعتوں (بقیہ نمبر 51)

صدر کا قافلہ وی وی آئی پی روٹ سے ہٹنے پر ایس ایس پی ٹریفک معطل

ذیشان حیدر کو ایس ایس پی ٹریفک اور ایس ایس پی سیکیورٹی کے عہدوں سے ہٹا کر سی پی او اسلام آباد بھیج دیا گیا

وزیر داخلہ اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں نے وی وی آئی پی روٹ اور سیکیورٹی سے متعلق ناقص نگرانی اور انتظامات پر شدید تشویش ظاہر کی تھی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کا قافلہ وی وی آئی پی روٹ سے ہٹنے کے بعد اسلام آباد میں سینئر سپرنٹنڈنٹ آف ٹریفک پولیس (جن کے ایس ایس پی سیکیورٹی کے عہدے کا اضافی چارج بھی تھا) کو ناقص نگرانی اور انتظامات کے باعث دونوں عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس افسران نے بتایا کہ گریڈ 18 کے پولیس افسر کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے صدر اور ان کے قافلے کو سنگین سیکیورٹی خطرے میں ڈال دیا تھا۔ پولیس افسران (بقیہ نمبر 52)

طوفانی ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش سے تباہی، 8 افراد جاں بحق

طوفان کی رفتار 100 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ریکارڈ کی گئی، متعدد دیواریں اور چھتیں گر گئیں

ڈی آئی خان (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں طوفان سے تباہی کے نتیجے میں اب تک 8 افراد جاں بحق اور 47 زخمی ہوگئے جبکہ تیز ہواؤں، آندھی اور بارش کے باعث متعدد دیواریں اور چھتیں گر گئیں، طوفان کی رفتار 100 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ریکارڈ کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان عبدالناصر خان نے ضلع میں طوفان سے ہونے والے نقصانات اور جانی نقصان کے سرکاری اعداد و شمار جاری کر دیے۔ تازہ رپورٹ کے مطابق طوفان کے نتیجے میں 8 افراد جاں بحق ہوئے، جن میں سے 5 تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان اور 3 تحصیل پہاڑ پور سے ہیں جبکہ 47 زخمیوں میں سے 41 کا علاج ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اور 6 کا (بقیہ نمبر 53)

فیصل آباد۔ حکومت پنجاب کی سرپرستی میں عالمی ادارہ صحت (WHO) اور یونیسف کے تعاون سے سرویکل کینسر سے بچاؤ کے لئے ویکسینیشن مہم سے متعلق منعقدہ سیمینار سے سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر شہباز احمد، ڈاکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر عدنان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عظمت فردوس، ڈاکٹر مدثر سلیم، میڈم شہناز خطاب کر رہے ہیں

واسا کا فری ہیلپ لائن 1334 چوبیس گھنٹے فعال ہے اور اس نمبر پر شہری اپنی شکایت کا اندراج کروا سکتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مینجنگ ڈائریکٹر واسا سہیل قادر چیمہ نے سیوریج اور واٹر سپلائی کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ واضح کیا ہے کہ واسا کا فری ہیلپ لائن 1334 چوبیس گھنٹے فعال ہے اور اس نمبر پر شہری اپنی شکایت کا اندراج کروا سکتے ہیں جسے مقرر کردہ ٹائم فریم کے مطابق حل کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مون سون سیزن کے دوران نکاسی آب کو مختصر وقت میں مکمل کیا جا رہا ہے جس کے لئے تمام واسا آپریشنز سٹاف مسلسل محنت سے ڈیوٹی انجام دے رہا ہے جبکہ ڈی واٹرنگ سیٹس، سکرز مشینوں سمیت دیگر مشینری مکمل آپریشنل رکھی جاتی ہے۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ شہریوں کی شکایات پر فوری رسپانس کیا جاتا ہے اور اس کے ازالہ کے لئے خصوصی اقدامات کرتے ہوئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ واسا کا فری ہیلپ لائن 1334، ایک مربوط اور منظم طریقہ کار کے مطابق کام کر رہا ہے جس پر درج کروائی گئی شکایت کو مقرر کردہ وقت کے درمیان ہی حل کرنا لازمی ہوتا ہے جس پر بھرپور سپرٹ کے ساتھ کام کیا جا رہا ہے۔ ایم ڈی واسا سہیل قادر چیمہ نے واضح کیا کہ موسم برسات کے دوران شہری سیوریج لائنوں، ڈرینج نالوں اور مین چینلز میں سالڈ ویسٹ، ملبہ، پلاسٹک بوتلیں، شاپر سمیت دیگر اشیا ہرگز مت پھینکیں کیونکہ ایسا کرنے سے سیوریج بلاکیج پیدا ہوتی ہے جس سے شہریوں کو سیوریج مسائل جبکہ واسا فیلڈ سٹاف پر کام کے بوجھ میں اضافہ ہوتا ہے لہذا شہری ایسا کرنے سے گریز کریں۔۔ انہوں نے مزید کہا کہ واسا کا فری ہیلپ لائن 1334، ایک مربوط اور منظم طریقہ کار کے مطابق کام کر رہا ہے جس پر درج کروائی گئی شکایت کو مقرر کردہ وقت کے درمیان ہی حل کرنا لازمی ہوتا ہے جس پر بھرپور سپرٹ کے ساتھ کام کیا جا رہا ہے

چکن، بیف، اور مٹن سرکاری نرخنامے پر دستیاب نہیں

سرکاری نرخنامے کا کوئی فائدہ نہیں مارکیٹ کمیٹی ختم کی جائے

اسسٹنٹ کمشنر ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانے میں ناکام ہیں شہری

کمشنر نے تین سال سے کوئی کھلی کچہری نہیں لگائی وزیر اعلیٰ مریم نواز نوٹس لیں

گوجر خان (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے عوام کو ریلیف فراہم کروانے کے ویژن کو گوجر خان میں سبوتاژ کر کے رکھ دیا گراں فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ کو جوتے کی نوک پر رکھا دیا کمشنر اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے تحصیل گوجر خان کے باسیوں کو درپیش مسائل کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے چشم پوشی اختیار کر لی مقامی انتظامیہ کی سب اچھے کی رپورٹس کو وزیر اعلیٰ پنجاب تک بھجوا دیا جاتا ہے جبکہ زمینی حقائق اس کے برعکس عوامی سماجی حلقوں نے اپنی شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر مارکیٹ کمیٹی سمیت (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد آئی ٹی پارک کی تعمیر تاخیر کا شکار ہوگئی

پارک کی تکمیل کی ڈیڈ لائن رواں سال 31 اکتوبر تک پوری نہ ہونے کا خدشہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) پارک کی تعمیر ایک بار پھر تاخیر کا شکار ہوگئی ہے، ذرائع کے مطابق آئی ٹی پارک کی تکمیل کی ڈیڈ لائن رواں سال 31 اکتوبر تک پوری نہ ہونے کا خدشہ ہے۔ وزارت آئی ٹی کے ذرائع کے مطابق آئی ٹی پارک کی تکمیل کی ڈیڈ لائن رواں سال 31 اکتوبر تک بھی پوری نہ ہونے کا امکان ہے، وزیراعظم نے منصوبہ مقررہ وقت پر مکمل نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد آئی (بقیہ نمبر 40)

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے برآمد ہونے والا چھینا گیا موبائل رقم اور اسلحہ

عبدالستار ویلفیئر ٹرسٹ کھیوڑہ۔ خوش نصیبوں کیلئے عمرہ کی سبیل

چیئرمین محمد سردار خان نے اپنی زندگی کو خدمت خلق کیلئے وقف کر رکھا ہے

چکوال (نامہ نگار) عبدالستار ویلفیئر ٹرسٹ کھیوڑہ کے بانی و چیئرمین محمد سردار خان نے اپنی زندگی کو خدمتِ خلق اور محبتِ رسول ﷺ کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ وہ اس بات پر کامل یقین رکھتے ہیں کہ اصل دولت انسان کے پاس موجود سرمایہ نہیں بلکہ ان دعاؤں کا ذخیرہ ہے جو نادار اور مجبور لوگ اپنی آنکھوں میں آنسو لیے اللہ کے حضور اس کے بندوں کے لیے کرتے ہیں۔ 2019 سے لے کر اگست 2025 تک، سردار خان (بقیہ نمبر 41)

کھوکھا بازار گورنمنٹ کی کروڑوں روپے کی جگہ سے قبضہ واگزار

کھوکھا بازار، گورنمنٹ کی کروڑوں روپے کی جگہ سے قبضہ واگزار

انتہائی قیمتی اراضی پر کھوکھے لگوا کر مال بنایا جا رہا تھا، کارروائی ہونی چاہیے، شہری

گوجر خان (نامہ نگار) ذرائع کے مطابق شہر کے مرکز کھوکھا بازار میں مارکیٹ کمیٹی کی جگہ پر غیر قانونی طریقے سے لگے کھوکھے جو سرکاری جگہ پر تجاوزات قائم کیے ہوئے تھے مذکورہ جگہ کو قبضہ مافیا سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات پر واگزار کروا لیا گیا عوامی سماجی حلقوں نے سی ایم کے ویژن کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں قبضہ مافیا کو سرکار کی قیمتی اراضی پر قابض نہیں ہونے دیا جائے گا شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ کروڑوں کی سرکاری جگہ پر قبضہ کروا کر کھوکھے لگوا کر مال بنایا جا رہا تھا مافیا کے خلاف بھی بھرپور کاروائی عمل لائی (بقیہ نمبر 42)

واپڈا اسیپکو ڈویژن میں انجینئر کی تاخیر پر 31 ملازمین کا تبادلہ

رشوت طلبی اور ناانصافی کے الزامات، ملازمین میں شدید بے چینی

کشمور (نامہ نگار) کنڈھ کوٹ: واپڈا اسیپکو ڈویژن میں انجینئر کی تاخیر پر 31 ملازمین کا اچانک تبادلہ، رشوت طلبی اور ناانصافی کے الزامات، ملازمین میں شدید بے چینی واپڈا اسیپکو ڈویژن کنڈھ کوٹ میں ایک غیر معمولی اور متنازعہ اقدام دیکھنے میں آیا ہے جہاں ڈویژن انجینئر کی زیر صدارت ہونے والی میٹنگ میں مبینہ تاخیر کو جواز بناتے ہوئے 31 ملازمین کا ایک ہی دن میں تبادلہ کر دیا گیا۔ اس فیصلے سے ادارے میں بے چینی اور غم و غصے (بقیہ نمبر 43)

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کیخلاف بھرپور آپریشن جاری ہے

سمندری روڈ پر دو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنادی گئی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے سمندری روڈ پر دو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی کوشش ناکام بنادی۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر کے دفاتر کو سر بمہر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر انیب اسلم رندھاوا کی سربراہی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف علاقوں میں انسپکشن کی تو سمندری روڈ پر چک نمبر 296 رب کی اراضی کو مسمار کر دیا گیا ہے۔

سیکڑوں افراد کی جانیں بچانے والے 3 چرواہے اسلام آباد مدعو

فلائٹ منسوخ ہونے کی وجہ سے چرواہے اسلام آباد نہیں پہنچ سکے، بذریعہ سڑک اسلام آباد روانہ ہونگے

سینکڑوں جانیں بچانے کے اقدام کے اعتراف میں وصیت خان، انصار اور محمد خان کو وزیر اعظم خصوصی انعام سے نوازیں گے، وزیر اعظم آفس

محمد خان، انصار اور وصیت خان نے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی، مجھ سمیت پوری قوم کو گلگت بلتستان کے ان ہیروز پر فخر ہے، شہباز شریف

اسلام آباد / گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں گلیشیئر پھٹنے کی بروقت اطلاع دے کر سیکڑوں افراد کی جانیں بچانے والے 3 چرواہوں کو وزیر اعظم شہباز شریف نے اسلام آباد مدعو کر لیا۔ ترجمان گلگت بلتستان حکومت کے مطابق وصیت خان (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد اور راولپنڈی میں بارش، مارگلا ہلز کے ٹریلز بند

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے، شدید بارش کی پیش گوئی کے تحت مارگلہ ہلز پر ٹریل دو، تین، چار اور پانچ بند رہے، سید پور گاؤں کے عقب میں واقع ٹریل بھی بند رہا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں موسلا دھار بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی ہے، شدید بارش سے (بقیہ نمبر 33)

مری میں بارش اور لینڈ سلائیڈنگ سے سڑکیں بند، ندی نالے بپھر گئے

کوہالہ روڈ اور پتریاٹہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر

مری (این این آئی) مری پہاڑی علاقے مری میں وقفے وقفے سے موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے، مختلف مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں طغیانی نے خطرے کی فضا پیدا کردی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق کوہالہ روڈ اور پتریاٹہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی ہے جبکہ کوٹلی ستیاں روڈ اور بائی پاس روڈ بھی ملبے سے بند ہو چکے ہیں۔ شدید بارش کے بعد ندی نالوں میں غیر معمولی طغیانی (بقیہ نمبر 32)

لاہور، زہریلا کھانا کھانے سے دو بچیاں جاں بحق

مالک کے خلاف مقدمہ درج کرلیا، ہوٹل مالک اور کچن اسٹاف کو گرفتار کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور جوہر ٹاؤن میں زہریلا کھانا کھانے سے دو بچیاں جاں بحق ہوگئیں، فوڈ اتھارٹی نے فوڈ پوائنٹ کو سیل کر کے مالک کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ ہوٹل مالک اور کچن اسٹاف کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق فیملی نے 16 اگست کی رات ریسٹورنٹ سے کھانا کھایا تھا۔ 6 سال کی تحریم اور 4 سال کی ارحا زہریلا کھانا کھانے سے جاں بحق ہوئیں۔

این اے 129 ضمنی الیکشن، پی ٹی آئی تاحال امیدوار کا فیصلہ نہیں کر سکی

لاہور (این این آئی) این اے 129 ضمنی الیکشن کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف تاحال امیدوار کے نام کا فیصلہ نہیں کرسکی۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت نے حماد اظہر کو امیدوار کے چناؤ کا اختیار دیا ہے تاہم حماد اظہر پر قائم کیسز کے باعث انہیں قانونی پیچیدگیوں کا خدشہ ہے، وہ خود الیکشن میں حصہ لیں گے یا نہیں ابھی تک فیصلہ نہیں ہوسکا ہے۔ ذرائع کے مطابق اولیس انجم یا ارسلان احمد کو ٹکٹ دینے پر بھی غور جاری ہے، پی ٹی آئی کو آج (بقیہ نمبر 34)

کشمور پولیس کی الگ الگ کامیاب کارروائیاں

تین چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ایک موبائل فون برآمد، اسٹریٹ کریمنل گرفتار

کشمور (نامہ نگار) کشمور پولیس کی الگ الگ کامیاب کارروائیاں- تین چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ایک موبائل فون برآمد جبکہ ایک اسٹریٹ کرمنل کو گرفتار کرلیا گیا، ایس ایس پی کشمور محمد مراد گھانگھرو کی ہدایات پر کشمور پولیس کے احسن اقدامات کارروائی ، 1 ایس ایچ او غوث پور مولا بخش بگٹی کی کارروائی میں راجیش کمار کی چوری شدہ موٹر سائیکل اور نارائن ناز کا چوری شدہ موبائل فون برآمد کر کے مالکان کے حوالے کیا گیا کارروائی 02 (بقیہ نمبر 35)

حکومت سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ کھڑی ہے، مصدق ملک

وزیر اعظم نے قدرتی آبی گزرگاہوں میں رکاوٹ بننے والی تمام غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے کی سخت ہدایات جاری کی ہیں

وفاقی حکومت گھروں، معاش اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی میں صوبوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی): وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ مصدق ملک نے کہا ہیکہ حکومت سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ کھڑی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت گھروں، معاش اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی میں صوبوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بحران کے وقت وفاقی اور صوبائی سطحوں کے درمیان ذمہ داری کی تقسیم نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے ان خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کیا جنہوں نے اپنے پیاروں، گھروں یا آمدنی کے ذرائع کو کھو دیا، کوئی بھی (بقیہ نمبر 36)

فیصل آباد۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب جاوید اختر محمود اور کمشنر فیصل آباد مریم خان "سکھ دا ویہڑا" منصوبہ کے تحت فیملی سپورٹ اینڈ میڈی ایشن کمپلیکس کے قیام کے لئے مجوزہ سائٹ کا دورہ کر رہے ہیں

ضلع بھر میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تقریبات کے حوالے سے بھرپور انتظامی و حفاظتی اقدامات کئے گئے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی طرف سے ضلع بھر میں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تقریبات کے حوالے سے بھرپور انتظامی و حفاظتی اقدامات کئے گئے ہیں تاہم اس ضمن میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، مذہبی رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے افراد کا تعاون ناگزیر ہے تاکہ نبی برحق حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولادت و سعادت کا مبارک دن پر امن ماحول میں پورے مذہبی عقیدت و احترام اور شایان شان طریقے سے منایا جا سکے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور سٹی پولیس آفیسر بلال عمر نے ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فضل عباس بھی موجود تھے۔ اجلاس میں مولانا محمد یوسف انور، صاحبزادہ پیر فیض رسول، مولانا محمد ریاض کھرل، مفتی محمد ضیاء مدنی، سید جعفر نقوی، ڈاکٹر افتخار نقوی، اسلم بھلی و دیگر نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے شرکاء کو ماہِ ربیع الاول کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ مہینہ باعثِ مسرت، رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے جو محبت، بھائی چارے اور اخوت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے امن کمیٹی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پورے سال کمیٹی نے بہترین تعاون فراہم کیا ہے جو قابلِ تحسین ہے اور آئندہ بھی یہ تعاون جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرور کونین حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے گہری محبت و عقیدت تمام مسلمانوں کے ایمان کا جزو ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا تاہم شرارتی عناصر سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جلوسوں کے راستوں کی صفائی ستھرائی کے علاوہ تجاوزات کے خاتمے اور دیگر رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں جبکہ ریسکیو 1122 کی سروس بھی عید میلاد النبی ﷺ کے جلوسوں کے ہمراہ رہے گی۔